اسوقت گو سلطنتِ عثمانیہ مین کسی قسم کا ضعف نہ تھا مگر موجودہ حالت کے دیکھتے اُسکے مخالفین کا پلّہ اِسقدر بھاری ہوگیا تھا جس سے اُس خطرناک نتیجے کے پیدا ہوجانے کا ہر وقت اندیشہ ہوسکتا تھا جو ایک ضعیف سلطنت کو قوی مخالف سے ہونا چاہیے۔ مگر قدرت نے اس نازک وقت کے لیے ایک ایسا فرمانروا منتخب کر رکھا تھا جو اسوقت کی دنیا مین نہ صرف خاندانِ عثمانیہ مین بلکہ تمام عالم کی سلطنتون مین اپنا آپ نظیر تھا۔

سلیمان سلیم مرحوم کا اکلوتا فرزند تھا جو بعد انتقال اپنے باپ کے ۲۶ برس کی عمر مین عین ناتجربہ کاری کے زمانے مین تخت نشین ہوا گر وہ ناتجربہ کار نہ تھا کیونکہ وہ اپنے دادا بایزید کے عہد مین جبکہ نہایت خوردسال تھا کئی صوبون کا گورنر کردیا گیا تھا۔ اور اپنے باپ سلیم کے وقت مین خاص صوبہ قسطنطنیہ کا ولیسرا ے رہ چکا تھا اور جسوقت سلیم مہم ایران اور مصر مین بذاتِ خود مصروف تھا سلیمان ایڈریانوپل کا گورنر تھا۔ وہ نائب السلطنت کی حیثیت سے پہلے سے ہر ایک صیغے مین دخیل اور واقفکار ہوچکا تھا اِسلیے جب اُسکی جہانبانی کا وقت آیا تو وہ اپنے سِن کے اعتبار سے کہین زیادہ تجربہ کار ہوکر سریرآرا ے سلطنت ہوا۔ سلیمان کا مادۂ صلاح سلیم کی آن اُولوالعزمیون کے جوہر کو جو اُس سے وقتاً فوقتاً ظہور پذیر اور نمایان ہوتا رہا برابر قبول کرتا رہتا تھا اور نیز اُن فروگذاشتون کو جن سے سلیم اپنی رعایا کا دشمن اور مذہب کے نزدیک موردِ الزام ہوا کیا سلیمان اُنکو ہمیشہ محترزانہ نگاہ سے دیکھتا رہتا تھا۔ لہذا جب اُسکے ہاتھ مین عنانِ حکومت آئی تو وہ پورا مُصلح سلطنت ثابت ہوا۔ اُسکے انصاف اور دادگستری نے بہت جلد اُسکا وقار اور دبدبہ قائم کردیا۔ اور اطرافِ ملک مین جو خفیف بدنظمیان پھیلی ہوئی تھین خود بخود دور ہوگئین۔

اِسکے وقت مین پہلی بغاوت گورنر شام سے جو ایک مملوکی غدار سمجھا ظہور مین آئی۔ یہ گورنری اُسنے اپنے آقا کے ساتھ نمکحرامی کے صلے مین حاصل کی تھی اِس لیے وہ نمکحرامی کا عادی تھا۔ جب سلیمان نے اُسکی سرکوبی کو لشکر روانہ کیا تو اسمٰعیل صفوی والی ایران نے اپنی فوجون کو ترکی سرحد پر بڑھا کر سلیمان کی ظاہری کمزوری سے فائدہ اُٹھانا چاہا۔ مگر اسمٰعیل کی امید کے خلاف سلیمان کو نہایت جلد فتح حاصل ہوگئی جس سے ایرانی لشکر کو اپنے ارادے مین کامیابی نہوسکی۔

شام سے فراغت کرنے کے بعد سلیمان اُن لڑائیون کے فیصلہ کردینے پر مستعد ہوا جو سلیم کے وقت سے ہنگری کی سرحد پر بطور چھیڑ چھاڑ کے برپا تھین۔ سلیمان اپنی بشّاش فوج لیکر روانہ ہوگیا۔ کئی شہر اور قلعے فتح کرنے کے بعد اُسنے قلعہ بلغراد پر (جو سلطان فاتح سے بھی فتح نہو سکا تھا) حملہ کردیا اور ۹۲۵ھ ۱۵۲۱ء مین اُسپر قبضہ کرکے مظفر و منصور قسطنطنیہ واپس آیا۔

سلیمان قریب ایک سال کے ملکی انتظام مین مصروف رہکر سلطان فاتح کے ناتمام ارادون کی جانب متوجہ ہوا اور جزیرۂ رہوڈس کی فتح کا خیال جو اِس سے پہلے تین بادشاہ اپنی قبرون مین ساتھ لیگئے تھے اپنے دماغ مین تازہ کیا۔ سلطان سلیم نے موت سے پہلے اِسکی فتح کے ارادے سے بہت کچھ سامان فراہم کیا تھا مگر سلیمان اعظم نے اب اُسپر اور اضافہ کرکے ۱۸۔ جون ۹۲۹ھ ۱۵۲۲ء کو تین سَو جنگی جہاز براہ تری روانہ کیے اور خود مع ایک لاکھ فوج کے ایشیاے کوچک کے مغربی کنارے سے براہِ خشکی روانہ ہوگیا۔ جزیرۂ رہوڈس پر سلطان محمد فاتح اپنے حملے مین ناکامیاب ہوچکا تھا مگر حاکم جزیرہ بھی ترکون کی طرف سے خائف اور ہوشیار ہوچکا تھا اِسلیے اُسنے جزیرہ کو سابقہ حالت سے دوچند مضبوط اور مستحکم کر رکھا تھا۔

سلیمان جزیرے مین ۲۰۔ جولائی کو اُترا اور یکم اگست کو محاصرہ شروع کردیا پانچ مہینے تک طرفین سے سخت جنگ کا سامنا رہا اور کوئی نتیجہ برآمد نہوا۔ آخر ترکی سفرمینا زمین کو قدِ آدم سے زیادہ اندر ہی اندر کھودتی ہوئی اور اپنے مورچے آگے بڑھاتی ہوئی دشمن کی صفِ اوّلین مین داخل ہوگئی۔ سلیمان نے جزیرے کے نائٹون کو اطلاع دی کہ اُنکو ۱۲ دن مین جزیرہ چھوڑ دینا ہوگا۔ اگر اُسکا اسباب لیجانے کے لیے اُنکی کشتیان ناکافی ہونگی تو سلطانی جہازون سے مدد دی جائیگی۔ باشندگانِ جزیرہ کو سلطانی رعایا ہونے پر دینی و دنیاوی آزادی حاصل ہوگی۔ اور پانچ برس کے لیے تمام محصول معاف ہونگے۔ اُنکی اولاد فوجی خدمت سے مستثنےٰ رہیگی۔ ۲۵۔ دسمبر ۹۲۹ھ ۱۵۲۲ء کو نائٹون نے فیصلہ سلطانی منظور کرکے جزیرے کو خالی کردیا اور اُسکے بعد سے ترکی قبضہ ہوگیا۔

سلیمان جزیرۂ رہوڈس فتح کرکے پھر قسطنطنیہ واپس آیا اور اِس مرتبہ ۱۸ ماہ تک اندرونی نظم و نسق اور سیر و تفریح مین مشغول رہا۔ اِس درمیان مین گورنر مصر کی بغاوت کی خبر معلوم ہوئی جسپر سلیمان نے اپنے وزیر ابراہیم

ط۵ زمین کھود کر جو طریقہ ترکون نے پیشقدمی کا اختیار کیا اُسکا نقشہ اِس حاشیہ مین دکھایا گیا ہو اور آجکل یہ طریقہ تمام یورپ مین جاری ہے چنانچہ گذشتہ جنگ روم و روس مین جب روسی محاصرہ پلونا مین حملہ کرنے سے عاجز آگئے تھے تو اُنھون نے اِسی ترکیب سے کام لیا تھا۔ مگر اِس طریقے کے اصلی موجد ترک ہین اور سب سے پہلے اُنھون نے اِس طریقہ پیشقدمی سے جزیرۂ رہوڈس مین کام لیا تھا ۱۲

کو اُسکی سرکوبی کے لیے بھیجدیا اور مصر کا انتظام وزیر ہی کے سپرد کردیا۔

۹۳۲ھ (۱۵۲۶ء) مین سلیمان نے تین سو توپین اور ایک لاکھ سے زائد فوج لیکر ملک ہنگریہ پر فوجکشی کی۔ لوئیس شاہ ہنگریہ مقابلے پر آیا اُسکے دلیر سوار سر توڑ حملہ کرتے ہوئے اور ترکی صفون کو چیرتے ہوئے اُس مقام تک پہونچ گئے جہان سلیمان ینگچری افسرون کے حلقے مین کھڑا تھا۔ ایک سوار نے آگے بڑھکر نیزہ مارا۔ اگر وہ نیزہ سلیمان کی زرہ سے ٹکراکر پاش پاش نہوگیا ہوتا تو سلیمان اور اُسکی جنگ کا وہین خاتمہ تھا۔ مگر چونکہ خدا کے علم مین معاملہ برعکس ہونے والا تھا اس لیے دو گھنٹے نہ گذرنے پائے تھے کہ ترکون کی کامل فتح ہوگئی۔ ۲۴ ہزار سوار اور بکثرت سردار مع شاہ ہنگریہ کے قتل ہوئے۔ اور بیشمار مال غنیمت اور لونڈی غلام ترکون کے ہاتھ آئے جو قسطنطنیہ مین لاکر فروخت کیے گئے۔ مقام مہاکس ہنگریہ کی قلمرو سے نکلکر ترکی قبضے مین آیا اور اس جنگ کا لقب یورپ کی تاریخون مین مہاکس کی تباہی قرار پایا۔ جب یہان سلیمان کا سکہ بیٹھ گیا تو وہ دریا ڈینیوب کے کنارے کنارے بڑھتا چلا گیا اور اس طرح شہر بوڈا[۱] اور پیستھ پر ترکی فوجون کے بڑھجانے سے ہنگریہ کے دارالخلافہ پر بلا کسی مزاحمت کے قبضہ ہوگیا۔ مگر سردست ملک ہنگریہ کو ترکی سلطنت سے الحاق کرلینے کی مصلحت نہ سمجھکر سلیمان نے وہان کے ایک حقدار جان زپولیا کو بادشاہ بنادیا اور خود اپنے وطن کو واپس آیا۔

تین برس کے بعد ۹۳۶ھ (۱۵۲۹ء) مین سلیمان کو پھر ملک ہنگریہ پر فوجکشی کرنا پڑی۔ اور یہ اسوجہ سے کہ گذشتہ جنگ مین طے پایا تھا کہ زپولیا کی وفات کے بعد چارلس پنجم شاہ آسٹریا کا بھائی یعنی فرڈی نینڈ ہنگریہ کا بادشاہ ہوگا۔ مگر سلطان کے واپس آتے ہی ہنگریہ کی پارلیمنٹ کو آزادی ہوگئی۔ اُسنے زپولیا کو غاصب قرار دیکے تخت سے اُتار دیا اور بجاے اُسکے فرڈی نینڈ کو قبل از وقت اپنا بادشاہ تسلیم کرلیا۔ زپولیا نے سلطان سے مدد کی درخواست کی اور وہ فوراً پچھلی تعداد سے لشکر اور توپین ہمراہ لیکر ہنگریہ کی جانب روانہ ہوگیا۔ مگر اس مرتبہ اُسکے ارادون مین بارش نے بڑی مزاحمت کی وہ بمشکل چار ماہ مین مقام بوڈا تک پہونچا۔ فرڈی نینڈ کے ساتھ آسٹریا کی فوج تھی جسنے چھ روز تک ترکون کا جمکر مقابلہ کیا مگر بالآخر فرڈی نینڈ مفرور ہوکر آسٹریا مین پناہ گزین ہوا۔ سلیمان نے زپولیا کو دوبارہ ہنگریہ کا بادشاہ بنایا اسکے بعد اپنی اور زپولیا کی فوج لیکر آسٹریا کی دارالسلطنت وائنا کا محاصرہ کرلیا۔ اسوقت قلعہ کی حفاظت کے لیے ۱۶ ہزار فوج اور ۷۲ توپین موجود تھین فرڈی نینڈ نے اُسنے مقابلہ شروع کیا اور سلاطین یورپ سے مدد کا خواہان ہوا۔ چونکہ خدا کو بھی یہی منظور تھا کہ ترکون کی فتوحات کی اسی جگہہ حد قرار پائے اس لیے ایک طرف عیسائی امداد آنے لگی اور دوسری طرف بارش نے زور کرنا شروع کیا۔ اگرچہ اس حالت مین بھی ترکون نے بار بار قلعہ پر حملہ کیا، دیوارون مین سُرنگون سے رخنے ڈالدیے، اور اُسکے اندر سے شہر مین بھی داخل ہوگئے۔ تاہم اُنکو پیچھے ہٹنا پڑا اور متعدد ناکامیون کے بعد اپنا محاصرہ اُٹھالینے ہی پر آخری فیصلہ کرنا پڑا۔ اسوقت تک سلیمان کے پاس جسقدر قیدی آچکے تھے اُنکو قتل کرادیا اور جسقدر مال غنیمت ہاتھ آگیا تھا اُسکو ساتھ لیکر ترکی فوج قسطنطنیہ واپس آئی۔

تین برس کے بعد یعنی ۹۳۹ھ (۱۵۳۲ء) مین سلیمان نے ایک دورہ پھر کیا اور اس مرتبہ جرمنی[۲] حصے پر حملہ آور ہوا۔ ایک چھوٹے سے قصبہ گونترا پر قبضہ کرنے اور صوبہ سٹائرہ کو برباد کرنے کے بعد پھر اپنے ملک مین واپس آگیا۔ اِن بار بار حملون کا سلاطین یورپ پر بڑا اثر پڑا خصوصاً فرڈی نینڈ نے گھبراکر صلح کا پیام بھیجا جسمین نہایت عاجزی کے ساتھ چند حقوق حاصل کرنے کی درخواست شامل تھی۔ سلیمان نے ۹۴۰ھ (۱۵۳۳ء) مین زپولیا اور فرڈی نینڈ کے جدا جدا حقوق قائم کرکے ملک ہنگریہ کو دو حصون مین تقسیم کردیا۔

ہنوز یہ صلح پایۂ تکمیل کو پہونچنے نپائی تھی کہ ایرانیون کی جانب سے پھر سرحد پر چھیڑ چھاڑ شروع ہوگئی اور سلیمان کو اپنا خیال یورپ سے ایشیا کی طرف فی الوقت[۳] متوجہ کرنا پڑا۔ ایک لشکر جرار اپنے وزیر ابراہیم کے ماتحت کرکے ایران پر بھیجا۔ جسنے جاتے ہی شہر تبریز پر قبضہ کرلیا اور سلیمان کو جسوقت فرڈی نینڈ کے صلحنامے سے فراغت ہوئی تو وہ خود بھی وزیر کی مدد پر جا پہونچا۔ اس مہم مین شہر تبریز (دارالسلطنت ایران) ترکی سلطنت سے ملحق ہوگیا۔ اُسکے بعد ۹۴۰ھ (۱۵۳۳ء) سے ۹۶۲ھ (۱۵۵۴ء) تک پانچ مرتبہ ایرانیون اور ترکون سے جنگ ہوئی جس مین ہر مرتبہ ایرانی فوج کی ذاتی شجاعت اور ملک کی قدرتی مشکلات ترکون کی مزاحمت کرتی رہی تاہم صوبہ آرمینیہ اور الجزیرہ مین مقبوضات عثمانیہ کو وسعت ہوگئی اور شہر ایروان، وان، موصل، اور بغداد ترکی قلمرو مین شامل ہوگئے۔

۹۴۶ھ (۱۵۳۹ء) مین جان زپولیا نے قضا کی اور فرڈی نینڈ کل ہنگریہ کا دعوے دار بن بیٹھا۔ زپولیا کی بیوہ اپنے نابالغ لڑکے کی حمایت مین ترکون سے مدد کی خواستگار ہوئی اور سلیمان نے فوراً اپنی فوج روانہ کردی ۹۴۸ھ (۱۵۴۱ء) سے ۹۵۱ھ (۱۵۴۴ء) تک سلیمانِ اعظم اس حیلے سے کہ زپولیا کا نابالغ فرزند بر وقت

---

[۱] اس شہر کو آفن بھی کہتے ہین اور جرمنی اٹلسون مین اسکا یہی نام مندرج ہے ۱۲

[۲] اس زمانے مین ملک جرمنی بھی شاہ آسٹریا کے زیر حکومت تھا ۱۲

[۳] ایک عیسائی سفیر کا قول ہے کہ ایرانی ترکون کے یورش اور عیسائیون کی تباہی کے درمیان حائل ہین ترک فوراً ہمپر جھپٹ پڑین مگر ایرانی اُنکو روکے ہوئے ہین ۔ اُنکی باہمی نزاع گو ہمکو کچھ مہلت دیجاتی ہو تاہم وہ ہماری کامل نجات اور مخلصی کا باعث نہین ہوسکتی ۱۲

سن بلوغ کے تخت نشین کیا جائیگا، وہین مقیم رہکر بڑے بڑے شہروں مین فوجین بڑھاتا اور تمام صوبجات کو ترکی گورنرونکے زیر انتظام کرتا رہا اور اسی طریقے کے ساتھ سنہ ۹۵۰ھ ۱۵۴۳ء تک آہستہ آہستہ تمام ملک ہنگیریہ کو مع صوبہ سلوینیا کے سلیمان کی اشتہائے صادق نے کلیتہً ہضم کر لیا - جب فرڈینینڈ ہر طرح سے بیدست و پا ہو گیا تو اُسنے نہایت لجاجت اور انکسار کے ساتھ ۳۰ ہزار ڈیوکٹ سالانہ بطور خراج کے ادا کرنے کی شرط پر پانچ برس کے لیے دبتی ہوئی صلح کر لی - اس صلح کے بعد تمام یورپ مین ترکون کی وہ عظمت قائم ہو گئی بڑے بڑے جلیل القدر بادشاہ سر نیاز خم کرنے لگے -

---

اب ترکی بری فتوحات کو ملتوی کر کے کچھ اُسکے بحری کارنامون کا مختصراً ذکر کر دینا مناسب ہے - کیونکہ اس زمانے مین ترکی سلطنت جس طرح اپنی بری طاقت مین لاجواب سمجھی جاتی تھی اُسی طرح بحری طاقت مین وہ تمام یورپ اور ایشیا کی طاقتون مین اپنا آپ ہی نظیر تھی - محمد خان فاتح اور سلیم اول کے وقت سے جہازون اور اُنکے آلات حربی مین ترقی ہونا شروع ہو چکی تھی مگر سلیمان اعظم کے وقت مین ایسا عروج ہوا کہ بحیرۂ ایڈریاٹک، بحر الروم، خلیج فارس، بحیرۂ عمان، بحیرۂ قلزم، بحیرۂ عرب، اور بحر الہند، یہ سب سمندر ہر وقت اُسکے جنگی جہازونکی جولانگاہ تھے - اُسکے امیر البحرون مین سب سے زیادہ مشہور، فاتح، اور نامآور



امیر البحر خیر الدین پاشا عرف باربروسا ثانی

خیر الدین پاشا عرف باربروسا ثانی

تھا جسنے افریقہ کے شمالی ساحل پر مصر اور مراکو کے درمیان کی وسیع زمین اپنے قوتِ بازو سے فتح کی اور سلیمان اعظم کو حوالہ کر دی - وہ جزیرۂ مٹی لین مین پیدا ہوا تھا - یہ جزیرہ اسمرنا سے شمال و مغرب کی جانب سمندر مین واقع ہے سنہ ۸۶۷ھ ۱۴۶۲ء مین جبکہ سلطان فاتح نے اس جزیرہ کو فتح کیا تو اُسکی حکومت اپنے ایک فوجی افسر کو جسکا نام یعقوب تھا سپرد کی جسنے کچھ دنون کے بعد وہین انتقال کیا - یعقوب کے چار بیٹے تھے اسحاق، الیاس، عروج، خضر (آخر الذکر خیر الدین کے لقب سے مشہور ہوا) - عروج اور خیر الدین کو دریائی قزاقی کا مذاق پیدا ہو گیا جسکی وجہ سے وہ اُن جلاوطن مسلمانون کی دستگیری پر آمادہ ہو گئے جو حال ہی مین اسپین سے خارج ہوکر مغربی و شمالی افریقہ مین آباد ہو کر عیسائیون کے جہازون پر انتقامانہ غارتگری کا بازار گرم کیے ہوئے تھے - عروج اور خیر الدین ٹیونس مین آئے اور یہان کے حاکم کو کسی قدر محصول ادا کرنے کے وعدے سے اُسکے بندرون پر اپنے جہازون کی آمد و رفت جاری رکھنے کی سند حاصل کر لی - اور اس طرح یورپ کے تجارتی جہاز لوٹنے کا اُنکو ذریعہ ہاتھ آ گیا - جب اسپین کے جلاوطن مسلمانون نے حاکم الجزائر سے اپنے مصائب بیان کر کے مدد کی درخواست کی تو وہ خود کچھ نہ کر سکا مگر عروج اور خیر الدین سے سفارش کی - چونکہ دونون بھائیون کی تقدیر عروج پر تھی اسلیے مسلمانون کی مدد کے سہارے پر سنہ ۹۲۲ھ ۱۵۱۶ء مین الجزائر کا ملک اُنکے قبضے مین آ گیا - سنہ ۹۲۴ھ ۱۵۱۸ء مین طلمسان پر قبضہ ہو گیا اور سنہ ۹۲۵ھ ۱۵۱۹ء مین باستثنای بعض مقامات پورا صوبۂ الجزائر انھین دونون بھائیون کے تصرف مین آ گیا اور اب اسپین کے مسلمانون کی جان معرضِ ہلاکت سے بچی - آخر ایک جنگ مین کپتان عروج قتل ہوا اور اُسکا بھائی خیر الدین اُسکا جانشین ہوا - عروج کو عیسائی باربروسا کہتے تھے اسلیے خیر الدین کا بھی یہی لقب رہا اور وہ آخر عمر تک باربروسا ثانی کہلایا - خیر الدین کی عاقبت اندیش طبیعت نے ایک نیا خیال پیدا کیا اور اُسنے سنہ ۹۲۵ھ ۱۵۱۹ء مین زمامِ حکومت ہاتھ مین لیتے ہی پہلا کام یہ کیا کہ اپنے کو سلطان سلیم کی حمایت مین دیکے تمام مقبوضات بحری و بری کو سلطنتِ ترک سے وابستہ کر دیا اور سلیم نے بھی خیر الدین کو افریقہ کا گورنر قبول کر لیا - اسوقت سے جسقدر فتوحات خیر الدین کو حاصل ہوتی تھین اُنکی باضابطہ اطلاع وہ بابعالی کو دیتا جاتا تھا - وانس مین ڈوریا نامے ایک امیر البحر تھا جو تمام یورپ کا فخر سمجھا جاتا تھا مگر خیر الدین کے ہاتھ سے اُسکو متعدد لڑائیون مین ہزیمت ہوئی جسوقت ڈوریا نے ترکی سلطنت پر یورش کی تو خیر الدین کے جہازی بیڑے سے ایسی شکست فاحش اُٹھائی کہ اُسکی گذشتہ نیکنامی کو بڑا صدمہ پہونچا - سنہ ۹۴۰ھ ۱۵۳۳ء مین اُسکے پاس ۱۸ جنگی جہاز طیار تھے جنکو لیکر خیر الدین سلیمان اعظم کی خدمت مین حاضر ہوا اور قسطنطنیہ مین ۸۴ جدید جہاز بنوا کر سنہ ۹۴۱ھ ۱۵۳۴ء مین بحکم سلطانی وہ اٹلی پر حملہ آور ہوا اور شہر فونڈی کو مع دیگر قصبہ جات کے تاراج کر دیا وہان سے واپس ہوتے وقت ٹیونس کو فتح کر لیا - والی ٹیونس جو عربی النسل تھا اُسنے بادشاہ اسپین سے مدد چاہی جسنے اپنی ضرورت سے مدد کر کے خیر الدین کو شکست دی اور سنہ ۹۷۹ھ ۱۵۶۸ء تک کیلیے ٹیونس ترکی عملداری سے باہر ہو گیا - خیر الدین نے اسپین سے اُسکا بدلہ اسطرح لیا کہ اُسکے جزیرۂ منورکا کو تاخت و تاراج کر کے اپنے نقصان سے زیادہ فائدہ

اُٹھایا اور ہزیران اُسکے قصبہ کردن پر بھی کرلیا- ۹۴۷ھ ۱۵۴۱ء مین اہل اسپین نے مقام الجیرز پر حملہ کیا سلیمانِ اعظم نے خیرالدین کو مقابلے کے لیے تجویز کیا مگر اِس سے پہلے طوفان نے حملہ آورون کو واپس ہونے پر مجبور کیا- ۹۵۰ھ ۱۵۴۳ء مین بحکم سلطان المعظم وہ فرانسیسی بیڑے کی مدد پر روانہ ہوا جسکی وجہ سے شہر نائیس فتح ہوا-

غرضکہ سلیمانِ اعظم کی خوش اقبالی سے اُسکو ایسا بہادر دستیاب ہوگیا تھا جو اپنی ذاتی محنت سے سمندرون مین ہل چل ڈالتا پھرتا تھا اور جسقدر مقبوضات کے گوہر بے بہا ہاتھ آتے تھے وہ سلیمان اعظم کی نذر کرتا تھا- اُسنے اپنی آخر عمر تک گورنمنٹ ترکی سے اپنی ارادتمندی قائم رکھی اور سلیمانِ اعظم اُسکے مشورون سے بہت کچھ فائدہ اُٹھاتا رہا- خیرالدین نے ۹۵۳ھ ۱۵۴۶ء مین وفات پائی اور قسطنطنیہ کے محلہ بشکطاش مین لب دریای باسفرس دفن ہوا-

سلیمان کے پاس خیرالدین کے علاوہ اور بھی نامی امیر البحر تھے جنھون نے سلیمان کی بحری فتوحات مین اعلیٰ درجے کی کامیابیان حاصل کین اُنمین چار بہت مشہور تھے پیری رئیس، سیدی علی، طرغود، اور پیالی- ذوآخر الذکر عیسائی نژاد تھے اور اپنے ذاتی عقائد سے مسلمان ہوگئے تھے- سلیمان کے جنگی جہاز ہر وقت بحیرۂ قلزم مین طیار رہا کرتے تھے جنسے تمام سواحل عرب، ایران، اور ہندوستان پر دھمکی رہا کرتی تھی- سلیمان کے جہازون نے ساحل گجرات پر ۲۰ روز تک قبضہ رکھا مگر بسبب دوری کے اُٹھا لینا پڑا- افریقہ کے طرابلس اور مہدویہ وغیرہ مقامات بعد خیرالدین کے فتح ہوئے-

---

اِسوقت ترکی سلطنت سے زیادہ اور کوئی سلطنت وسیع نظر نہ آتی تھی مگر افسوس ہے کہ سلیمان کی زندگی کے چند آخری سال نہایت بے لطفی سے کٹے- وہ پہلے اپنے وزیر ابراہیم پاشا سے (جو یونانی الاصل اور نو مسلم تھا) مشتبہ ہوا یہان تک کہ اُسکی جان کا خواہان ہوگیا آخر جب اُسکو قتل کرا چکا اور اُسکی جگہ رستم پاشا کو وزیر بنا لیا- تب اطمینان میسر آیا-

سلیمان کے تین فرزند تھے بڑا مصطفےٰ، منجھلا بایزید، چھوٹا سلیم، بڑا فرزند مصطفےٰ قاعدہ ترکی سے ولیعہدِ سلطنت تھا اور جسقدر لائق، مدبّر، اور ہوشیار مانا جاتا تھا اُسی قدر چھوٹا فرزند سلیم بیوقوف، شرابی، اور نالائق سمجھا جاتا تھا- سلیم ایک روسی کنیز کے بطن سے تھا جسکا نام خورم تھا- سلیم کے ایک بہن بھی تھی جو رستم پاشا وزیر اعظم کو بیاہی ہوئی تھی- اب ساس اور داماد مین اندر ہی اندر سازش شروع ہوئی اور سلیمان اعظم کی طبیعت مین شاہزادہ مصطفےٰ کی جانب سے خیالی بغاوت کے الزام لگا لگا کر نفاق پیدا کرنے لگے کچھ عرصے تک بیرونی اور اندرونی سرگوشیان ہوتے ہوتے اُسکا انجام بالآخر مصطفےٰ کے قتل پر ہوگیا- اِسکے بعد دوسرے فرزند بایزید کے قتل کی فکر ہوئی وہ اِن ابلیسانہ سازشون سے آگاہ ہوچکا تھا اِس لیے ایران کو چل دیا مگر سلیمان کے پے در پے خطوط شاہ طہماسپ صفوی کے نام پہونچے جس سے وہ گھبرا کر بایزید کا حوالہ کر دینا ہی اپنے حق مین بہتر سمجھا- ایران مین شاہ طہماسپ کی یہ حرکت نہایت ناپسند ہوئی- سلیمان کے حکم سے بایزید ایران سے لایا گیا اور بیرحمی سے قتل کیا گیا-

سلیمان جب اپنے نزدیک خانگی پیچیدگیون سے فارغ ہوا تو اُسکو اب بیرونی پیچیدگیون کا سامنا ہوا- یاد ہوگا کہ جب جزیرۂ رہوڈس پر ترکی قبضہ ہوا تھا تو وہان کے نائٹ جلا وطن ہو کر مالٹا مین آباد ہوگئے تھے اُسوقت سے اب تک وہ برابر ترکی جہازون کو لوٹ لیا کرتے تھے اور جہان تک اُنکے امکان مین تھا اُنکو نقصان پہونچایا کرتے تھے ۹۷۲ھ ۱۵۶۴ء مین سلیمان نے اُنپر بحری فوج کشی کی- پانچ مہینے تک خونریزی ہوا کی اور باوجود سخت محاصرہ کے جزیرۂ مالٹا ترکون سے فتح نہو سکا آخر بنا نقصان کثیر برداشت کرنے کے بعد واپس آنا پڑا-

۹۷۴ھ ۱۵۶۶ء مین جبکہ سلیمان نہایت ضعیف العمر ہوگیا تھا اُسکی طبیعت مین ایک مرتبہ پھر آسٹریا پر فوجکشی کرنے کا ولولہ اُٹھا- وجع مفاصل کا عارضہ تھا- گھوڑے پر سوار نہو سکتا تھا مگر فوج کے ساتھ جانے پر مستعد ہوگیا- پالکی مین سوار ہو کر فوج کے ہمراہ سرحد آسٹریا پر پہونچا- گورنر زیجات یعنی کونٹ زرینی نے قلعہ بند ہو کر مقابلہ کیا- ترکون نے قلعہ کا ہر طرف سے محاصرہ کر لیا- عرصے تک جنگ ہوا کی مگر کامیابی نہوئی- آخر ترکون نے سرنگ لگا کر قلعہ کے برجون کو اُڑا دیا سلیمان بیمار تھا مگر بار بار دریافت کرتا تھا کہ قلعہ کے فتح ہونے مین کیا دیر ہے؟ افسوس ہے کہ اِس فتح سے اُسکے کان آشنا ہونے پائے تھے کہ ۲۳ صفر المظفر مطابق ۶ ستمبر ۹۷۴ھ ۱۵۶۶ء کو اُسکا طائر روح بوسیدہ قفس عنصری سے پرواز کر گیا- ترکی وزیر نے سلطان کی موت کو مخفی رکھا اور پالکی کے گرد اُسی طرح پہرہ جاری رہا- تمام احکامات سلیمان ہی کے نام سے نافذ ہوتے رہے یہانتک کہ جنگ کا انجام بخیر ہوا- اور جب قلعہ فتح ہوگیا تو سلطانی وفات کا اعلان ہوا- شاہزادہ سلیم کو پہلے سے خبر دیدی گئی تھی اِسلیے اِدھر سے لشکر واپس ہوا اور اُدھر سے شاہزادہ سلیم ماتمی لباس پہنے ہوئے مقام بلغراد مین ملا اور سلیمان کے جنازے کو شاہی اعزاز کے ساتھ قسطنطنیہ مین لا کر اپنی والدہ کی قبر کے برابر دفن کرا دیا-

سلیمان کی عمر وفات کے وقت ۷۴ سال کی تھی اُسنے بڑی عزت، بڑی عظمت، اور بڑے استحکام کے ساتھ ۴۸ برس سلطنت کی سلطنتِ عثمانیہ کو

جو عروج اسکے عہد مین حاصل ہوا اسکے بعد پھر اسکے کسی جانشین کو حاصل نہوا سلیمان کی حکومت ۲۵۰ ضلعون اور ۲۱ صوبون پر تقسیم تھی جنپر ہمیشہ ۲۱ گورنر حکمرانی کرتے تھے لیکن "ہر کمالے را زوال" کی مثل بھی اسی جگہ صادق آتی ہے کہ آئندہ چل کر اس سلطنت مین جن جن شکلون سے زوال لازوال پیدا ہونا شروع ہوا ان سب کا ہیولا سلیمان اعظم کے وقت مین قائم ہو چکا تھا - مثلاً عیسائی رعایا کی آزادی، دیگر سلطنتون کو تجارت کی آزادی، اور ممالک غیر کے باشندونکے تنازعات مین ترکی حکام کی بے اختیاری وغیرہ کا آغاز اُس عہدنامہ سے ہوا جو سلیمان نے اپنی ضرورت سے زیادہ بے تعصبی اور حد سے زیادہ ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے شاہ فرانس سے کرلیا تھا - یا بعد کے زمانے مین ترکی حکام کا پیٹ بھر بھر کر رشوت کھانا - اسکا ذائقہ سلیمان کے آخری عہد مین سب سے پہلے رستم پاشا لے چکا تھا جو سلطان کا وزیر اعظم بھی تھا اور داماد بھی - یا سلاطین ترک مین ذاتی شجاعت کا باقی نہ رہنا - یہ فوج ینگچری سے اُس خصوصیت کا توڑ دینا ہے جو اسکو ابتدا سے حاصل تھی یعنی جب تک اُسکی کمان سلطان وقت اپنے ہاتھ مین نہ لیتا تھا وہ کسی مہم کے لیے کوچ نہ کرتی تھی -

خیر کچھ ہو - مگر اُسکا دور حکومت عدل و انصاف اور رعایا پروری کے ساتھ گذرا ہے - وہ جس قدر ملک فتح کرتا تھا ساتھ کے ساتھ اُسکا معقول انتظام کر دیتا تھا - اور رعایا کے لیے ایسے سہل قوانین جاری کرتا اور ایسا آسان ٹکیس مقرر کرتا تھا جو انکو ناگوار نہوتا تھا - افسران فوج کو جو جاگیرین عطا کرتا تھا انکی زمینی ملکیت وہانکے باشندون اور کاشتکارونکی برقرار رکھتا تھا کسی زمیندار کو دسوین حصے سے زیادہ کاشتکار سے لینے کا حق نہ تھا - اور نہ اُسکو کوئی مجسٹریٹی اختیار اپنی رعایا پر حاصل تھا بلکہ یہان تک احتیاط تھی کہ کوئی جاگیردار اپنے علاقہ مین بود و باش اختیار کرنے کا مجاز نہ تھا - چونکہ عیسائی حکومت مین عیسائی رعایا کو باوجود ہمقوم اور ہم مذہب ہونے کے اس قسم کی رعایات حاصل نہ تھین اس لیے نواح سلطنت کے اکثر عیسائی غول کے غول سمٹ سمٹ کر سلطانی مقبوضات مین آباد ہو جاتے تھے سلیمان کی رعایا تعداد مین پانچ کروڑ تھی اور یہ تعداد بجز چین کے اُسوقت کی دنیا مین کسی سلطنت کو حاصل نہ تھی اُسکی سلطنت مین مختلف قومین اس تعداد سے آباد تھین ترک ڈیڑھ کروڑ، عرب ۶۰ لاکھ، سلاٹیو (عیسائی) ۵۶ لاکھ، ارمنی (عیسائی) ۲۶ لاکھ، یونانی (عیسائی) ۴۰ لاکھ، رومانین (عیسائی) ۱۵ لاکھ اور چھوٹی چھوٹی متفرق قومون کا شمار نہین - اُسنے اپنی رعایا کے لیے ہر طرح کے دیوانی، کلکٹری، اور منیوسپلٹی کے قوانین جاری کر رکھے تھے - اشیائے خوردنی مین خراب چیزون کی آمیزش کرنے والون، گیارہ فیصدی سالانہ سے زائد سود لینے والون، بدگوئی اور بدزبانی کرنے والون اور بارکش مویشیون کو ظالمانہ طور سے ہانکنے والون کے لیے حسب حیثیت سزائین اور جرمانے مقرر تھے -

یہ تو ظاہر ہو چکا کہ سلیمان کی سلطنت کے وسیع ہونیکا بڑا سبب تھا کہ وہ بڑی بڑی مہمون مین بذاتِ خود شریک ہوتا تھا - اور ہر مشکل مقام پر فوج کی حوصلہ افزائی کیا کرتا تھا - ایک ایک سپاہی کی فرداً فرداً قدر کرتا تھا - اور بعد فتح کے بے تعداد انعام بخشتا تھا جس سے ہر شخص آسیر اپنی جان نثار کرنا فخر سمجھتا تھا - لیکن اسکے علاوہ ہمیشہ اپنی فوج مین بطور گشت کے تنہا جایا کرتا تھا اور ہر ایک فوج کا جائزہ لیتا تھا - افسران فوج سے برابر کے دوستانہ تعلقات رکھتا تھا - ایک فوج مین اُسنے خود بھی اپنا نام بطور سپاہی کے درج کرا رکھا تھا اور اُسکا مستقل ثبوت دینے کیلیے ہر مہینے کی مقررہ تاریخ کو اُس فوج کے کرنل کے روبرو نہایت ادب سے حاضر ہو کر مثل دیگر سپاہیون کے اپنی تنخواہ لیتا تھا -

ترک سلاطین یورپ مین کسیکو بادشاہ تسلیم نکرتے تھے سلیمان نے سب سے پہلے شاہ فرانسیس والی فرانس کو امپراطور یعنی بادشاہ کا لقب عطا کیا جسکو اُسنے بڑی عزت سے تسلیم کیا - شاہ ہنگریہ ہمیشہ سلطان کے وزیر کو اپنے بھتیجا مونین برادر کے لقب سے تحریر کرتا تھا - اور جب فرانس پر کسی شخص کا حملہ ہوتا تھا تو شاہ فرانسیس عاجزانہ طور پر مدد کی درخواست کیا کرتا تھا اور سلیمان ہمیشہ اُسکو منظور کرتا تھا -

سلیمان نہایت مستقل اور متین تھا کسی خوشی اور کسی رنج کا نہ اُسکے دل پر اثر پڑتا تھا اور نہ اُسکے چہرے سے نمایان ہوتا تھا - باقی آئندہ

لڑکون اور لڑکیون کا نشو و نما

لڑکون مین سب سے زیادہ نشو و نما ۱۷ برس کے سن مین ہوتا ہے اور لڑکیون ۱۴ برس کی عمر مین - لڑکیان اپنے قامت کی پوری بلندی پر ۱۵ برس کی عمر مین پہنچتی ہین مگر پورا وزن ۲۰ برس کی عمر مین ہوتا ہے - لڑکے روز پیدائش سے ۱۱ برس کی عمر تک بہ نسبت لڑکیون کے زیادہ طاقتور ہوتے ہین - لیکن لڑکیان ۱۱ برس سے ۱۷ برس کی عمر تک بہ نسبت لڑکون کے قوی تر ہوتی ہین - ۱۷ برس کی عمر کے بعد سے تا دم مرگ مرد بہ نسبت عورتون کے زیادہ طاقتور ہوتے ہین -

نومبر سے اپریل تک بچے وزن اور قد دونون مین بڑھتے ہین اور اپریل سے جولائی تک صرف قد مین بڑھتے ہین مگر وزن مین کم ہو جاتے ہین - جولائی سے نومبر تک وزن مین زیادتی ہوتی ہے مگر قد نہین بڑھتا ہے -

جنتری ۱۹۹۳ عیسوی

یوم	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
شنبہ	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵
یکشنبہ	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶
دوشنبہ	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷
سہ شنبہ	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸
چہار شنبہ	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹
پنجشنبہ	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰
جمعہ	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱

جنتری ۱۹۹۴ عیسوی

یوم	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
شنبہ	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱
یکشنبہ	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵
دوشنبہ	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶
سہ شنبہ	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۱	۱ ۸ ۱۵ ۲۱ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷
چہار شنبہ	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸
پنجشنبہ	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹
جمعہ	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰

جنتری ۱۹۹۵ عیسوی

یوم	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
شنبہ	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰
یکشنبہ	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱
دوشنبہ	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵
سہ شنبہ	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶
چہار شنبہ	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷
پنجشنبہ	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸
جمعہ	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹

جنتری ۱۹۹۶ عیسوی

یوم	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
شنبہ	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷
یکشنبہ	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸
دوشنبہ	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹
سہ شنبہ	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰
چہار شنبہ	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱
پنجشنبہ	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵
جمعہ	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۲ ۹ ۱۶ ۲۳ ۳۰	۶ ۱۳ ۲۰ ۲۷	۴ ۱۱ ۱۸ ۲۵	۱ ۸ ۱۵ ۲۲ ۲۹	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶	۳ ۱۰ ۱۷ ۲۴ ۳۱	۷ ۱۴ ۲۱ ۲۸	۵ ۱۲ ۱۹ ۲۶

قیافہ

علمِ فرنیالوجی
یعنی دماغی تحقیقات

نمبر ۶


سال گذشتہ کی جنتری مین دماغ کے باب دوم کے خانہ نمبر ۱ سے ۱۲ تک تفصیل وار دکھائے جا چکے ہین امسال باب سوم کے ۵ خانے نمبر ۱۳ سے ۱۷ تک درج کیے جاتے ہین۔

باب سوم
انانیت کی تزئین

اس باب مین ۵ خانے شامل ہین جنکے نام یہ ہین (۱۳) ہوشیاری (۱۴) تکبر (۱۵) خودداری (۱۶) استقلال (۱۷) عدل۔ اُنکو ذیل مین ترتیب سے لکھا جاتا ہے۔

(۱۳) ہوشیاری
یعنی چوکنّا رہنے کی قوت

یہ آلہ انسان کی کنپٹی کے اوپر اور ذرا پیچھے ہٹا ہوا خانہ "اخفا" سے بلندی کی جانب واقع ہے۔ اگر اِس قوت کا چہرہ کے سامنے سے معائنہ کرنا ہو تو ہرگز نہ معلوم ہوگا اِسلیے کہ کنپٹی سے پیچھے کو ہٹا ہوا ہے ہان اگر کسی انسان کو پس پشت سے دیکھا جاے تو یہ قوت کانون سے اوپر بخوبی نظر آئیگی حجامت بنے ہوئے آدمی کی گدّی کی جانب سے یہ قوت بہت اچھی طرح دور سے معلوم ہو سکتی ہے۔



جس شخص مین یہ استعداد بڑی ہوتی ہے وہ وحشیانہ دلیری اور مضطربانہ خوف مین ہر وقت بتلا رہتا ہے۔ وہ ہر کام مین جلد باز اور ہر بات مین ضرورت سے زیادہ ہوشیاری کو کام مین لاتا ہے۔ اگر انسان کے دیگر قویٰ مسلسل ضرر اٹھانیکے قابل نہون تو کوئی استعداد اِس سے زیادہ تکلیف دہ اور تندرستی کی بگاڑنے والی نہین ہے۔ اِس استعداد سے انسان مین یہ خواہشات ہر وقت موجود رہتی ہین۔ چوکنے رہو، ہر کام کو ہوشیاری سے کرو، خطرات سے بچو، فلان شخص کو قابو مین لانے کی فکر کرو۔ یہ استعداد از خود کوئی کام نہین کرتی بلکہ دوسری استعدادون کو مدد پہونچایا کرتی ہے، مثلاً "مقاومت" کو آگاہ کرتی ہے کہ غفلت سے باز رہے "غضب" کو روکتی ہے کہ وحشیانہ جرأت کو کام مین لانے سے پرہیز کرے۔ "استقلال" کو اشارہ کرتی ہے کہ عقل کو ہاتھ سے جانے نہ دو "امساک" کو بتاتی ہے کہ فلان فلان ضرورتون پر دولت یا محنت کا خرچ کرنا جائز نہین ہے۔ "خودداری" کو نصیحت کرتی ہے کہ تکبر مین پڑ جانے سے زندگی خراب ہوگی۔ "والدینی محبت" کو متنبہ کرتی ہے کہ بچون کو ہر ایک آفت سے نگہبانی مین رکھا کرو۔ یہ آلہ قوت امید کے بالکل برعکس ہے کیونکہ جس شخص مین اسکا زور ہوتا ہے اُسپر امید کے تمام ابواب مسدود ہو جایا کرتے ہین اور اپنی حفاظت کرنے سے پہلے اپنے اوپر نا امیدی طاری کر لیتا ہے اُسپر احتیاط اور عاقبت اندیشی مبالغہ کے ساتھ اپنا کام کرنے لگتی ہے۔ اور بات کے شروع ہونے سے پہلے اضطراب اور بے صبری پیدا کرتی ہے۔ اور جس چیز مین کوئی خطرہ نہ معلوم ہوتا ہو اُسمین بکثرت خطرات پیدا کر دیتی ہے۔


جن جانورون کے چہرے گول ہوتے ہین جیسے شیر، بلی، چیتا، چیل، گدھ، باز، طوطا وغیرہ اُنمین یہ قوت کمزور ہوتی ہے۔ مگر جن جانورون کے منھ اِسطرح کے لانبے ہوتے ہین کہ منھ کی طرف پتلے اور کھوپڑی کے پچھلے حصے کی طرف چوڑے جیسے خرگوش، لومڑی، چوہا، کوا، وغیرہ اُنمین یہ قوت شہزور ہوتی ہے۔ جن پرندون مین یہ قوت کمزور ہوتی ہے وہ باوجود صحرائی ہونے کے آسانی سے رام ہو کر بے تکلف پنجرون مین بود و باش اختیار کر لیتے ہین مگر جنمین یہ قوت شہزور ہوتی ہے وہ باوجود بستیون مین بسر لینے

کے حضرت انسان کے یا تو پھندے ہی مین نہین آتے اور اگر اتفاق سے آجاتے ہین تو پنجرے مین جان دیدیتے ہین مگر چین نہین لیتے ہین یہ قوّت انسان مین بہ نسبت مرد کے عورت مین زیادہ اور جانورون مین بہ نسبت نر کے مادہ مین زیادہ قوّت دار ہوتی ہے اور انسان کی مختلف قومونمین مختلف حیثیت سے پائی جاتی ہے - مثلاً انگریزون اور ہندؤن مین قوّت شہرہ ہے ترکون اور فرانسیسیون مین متوسط درجے کی ہے اور جاشیون اور گرجستانیون مین کمزور ہے -

(۱۴) تکبّر

خود پسندی کی نا جائز خواہش

یہ قوّت انسان کے سر کی چوٹی پر خانہ "ہوشیاری" سے بلند اور "خودداری" سے نیچے زاویہ ترکشی پر واقع ہے - اسکا اُبھار بھی سر کے کسی قدر پچھلے حصّے سے نظر آتا ہے - جس شخص مین یہ قوّت زوردار ہوتی ہے وہ انسانون مین بدترین انسان سمجھا جاتا ہے - اور اخلاق معاشرت کی نفرت کا نشانہ بنا رہتا ہے - چونکہ متکبّر آدمی اپنی فطرت سے مجبور ہوتا ہے اسلیے خاصکر اُسکی اس قوّت پر مذہبی احکامات کا مطلق اثر نہین ہونے پاتا ہے - یہ قوّت متوارث ہوتے ہوتے بعض اشخاص مین ایسی ترقّی کرجاتی ہے کہ مجنونانہ حرکات سرزد ہونے لگتے ہین - اُسکی گردن مغرورانہ خیال سے ہر دم اُٹھی رہتی ہے اور سامنے کے رُخ سے خم نظر آتا ہے - جسکو دیکھتا ہے ترچھی نظر سے دیکھتا ہے - دیگر بندگان خدا سے مساویت کا برتاؤ جائز نہین رکھتا ہے - اُنکی ترقی پر حسد کرتا ہے - اگر خود تعلقہ دار یا جاگیردار ہوتا ہے تو دوسرے تعلقہ دارون اور جاگیردارون کی حقارت کرنے کے لیے وجوہات تصنیف کرلیتا ہے - اپنی آمدنی کے جائز اور دوسرون کی آمدنی کے ناجائز وسائل بنا کر بیان کرتا ہے - اگر خود دولتمند ہوتا ہے تو دوسرے دولتمند کو نو دولت قرار دیکر اپنی ذات مین موروثی دولتمند ہونے کا افتخار قائم کرتا ہے اور اگر اتفاق سے دونون



موروثی دولتمند ہوئے تو اپنے مورث مین کوئی خاص صفت یا جوہر قائم کر کے اُس سے اپنی ممتاز اور مبرّا ذات کو شریک کرلیتا ہے اگر خود صنّاع اور کاریگر ہے تو اپنی اشیا کے سوداگرون کو اپنے سے کمتر سمجھتا ہے اور اگر خود تھوک فروش سوداگر ہے تو دوسرے خوردہ فروشون کو حقارت سے دیکھتا ہے


متکبّر

وہ اپنے ہمعصرون اور ہمسایون کو ہمیشہ اپنے سے نیچا سمجھتا ہے اُنکی کمزوریون اور لغزشون کو خود بھی بڑے شوق سے بیان کرتا ہے اور اگر کوئی دوسرا شخص بیان کرے تو اُس سے بہت خوش ہوتا ہے - اُسکی ہر بات سے یہ ایما ظاہر ہوا کرتا ہے کہ جو عیوب اور بندگانِ خدا مین پائے جاتے ہون اُنسے اُسکی ذات والاصفات بالکل بری رہے - وہ اپنی ذاتی عظمت اور قومی شرافت کے وہم مین اس قدر مبتلا ہو جاتا ہے کہ اُسکی ہر ایک ادا سے تحکّمانہ اطوار پیدا ہوکر دوسرون کی نفرت کا باعث ہوتے ہین اور جسکی وجہ سے وہ عاقلانہ اور عالمانہ سوسائٹی کے اُن فوائد سے محروم ہو جاتا ہے جو ایک حیوان کو اشرف المخلوقات اور ایک انسان کو اشرف الانسان بنا دیتے ہین - کہا جاتا ہے کہ یہ قوّت جانورونمین گھوڑے، اونٹ، کُتّے اور طاؤس مین بھی ہوتی ہے مگر اسکو زیادہ خصوصیت انسان ہی کے ساتھ ہے - انسانی قومونمین بہ نسبت فرانسیسی کے انگریزمین اور بہ نسبت ترک کے ایرانی مین زیادہ پائی جاتی ہے -

(۱۵) خودداری

اپنا رکھ رکھاؤ

کاسۂ دماغ مین خودداری کا خانہ ٹھیک تکبّر کے خانے سے اوپر کی جانب واقع ہے اور چونکہ چندیا کے قریب ہے اور اس سے بلند کسی دوسری قوّت کا خانہ نہین ہے اس لیے اُسکو معائنہ کرتے وقت سر کو آڑا ترچھا کرنے کی ضرورت نہین ہے - یہ چہرے کے نصف جانب یعنی کنپٹی کے رُخ سے بخوبی نظر آتا ہے - جس شخص مین یہ قوّت زوردار ہوتی ہے وہ اپنے اعزاز ذاتی کو برقرار رکھنے مین ہمیشہ کوشان رہتا ہے اُسکو ہر دم خیال رہتا ہے کہ مجھسے کوئی کام عزّت کے خلاف سرزد نہ ہونے پائے ایسے شخص کی اگر جُہلا اور نادانون مین عزّت نہین ہوتی تو وہ خود اپنی عزّت کرتا ہے - اسمین انانیت ضرور ہوتی ہے مگر وہ اُسکو تکبّر کی حد تک نہین پہونچنے دیتا ہے اور کسی وقت ناجائز وسائل استعمال مین لانے کی کوشش



نہین کرتا ہے - ایسے شخص کو دوسرون کی ترقی پر شاید غبطہ ہوتا ہو مگر حسد نہین ہوتا ہے - یہ قوّت اگر تکبّر سے ملنے نہ پائے تو انسان کے لیے معیوب نہین سمجھی جاتی ہے وہ کثیف طبائع لوگون سے ملنے مین حذر کرتا ہے - اشخاص خفیف الحرکات

کی صحبت سے پرہیز رکھتا ہے۔ کمینوں اور ناھنجاریوں سے دور دور بھاگتا ہے مگر بسبب اپنی احتیاط کے نہ بوجہ تکبر کے۔ وہ ہمیشہ لائق آدمی کا قدردان رہتا ہے نہ کہ محض دولتمند کا۔ وہ ذاتی لیاقت پیدا کرنیوالے کو محض بزرگون کی بڑائی پر فخر کرنیوالون پر ترجیح دیتا ہے۔

جس طرح سخاوت اور فضولخرچی مین۔ جزرسی اور بخل مین فرق ہے اُسی طرح خودداری اور تکبر مین ایک عظیم فاصلہ ہے جو بغیر دوربین نظر کے دکھلائی نہین دے سکتا۔ جس شخص مین تکبر کی قوت زوردار ہوتی ہے وہ بلا کسی سبب کے اپنے کو خلائق پر قابلِ ترجیح بنا لیتا ہے بخلاف اِس شخص کے جسمین خودداری کی قوت ہو، اگرچہ وہ بھی اپنے تئین قابلِ ترجیح ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے مگر اِس سے پہلے وہ اپنی ذات مین ایسی لیاقت پیدا کر لیتا ہے جس سے وہ دوسرون پر قابلِ ترجیح حقیقت مین بھی ہو سکے۔


اِس قوت مین کبھی کبھی ایک مشکل بھی درپیش ہو جاتی ہے یعنی یہ رجحانِ طبیعت اگر دماغ کی دیگر عمدہ قوتون سے مدد پاتا ہے تو انسان شاعر، مصوّر، فصیح، عالم، اور صنّاع ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ اور اگر قوائے رذیلہ سے مدد پاتا ہے تو بعض اوقات شرابی یا جنگجو ہو جاتا ہے۔ اِسلیے کہ اِن مذاق مین بھی اُسکے دیگر ہمخیال اور ہمعصر اُسپر سبقت نہ لیجائین

یہ قوت بہ نسبت عورتون کے مردون مین زیادہ قوی پائی جاتی ہے۔

(۱۶) استقلال

کسی چیز مین لگاتار متوجہ رہنا

یہ خانہ انسان کی کنپٹی مین سب سے بلند جگہ پر واقع ہے اور خانہ خودداری سے آگے کی جانب ہے۔ "ہوشیاری"، کا خانہ جس جگہہ واقع ہے اُسکے اوپر جس قدر جگہہ کھوپڑی مین باقی ہے اُسکو فرنیالوجی کے قاعدے سے چار حصون پر تقسیم کیا ہے اِسطرح کہ اگر "ہوشیاری" کے خانے سے ایک حصہ بلندی پر نظر کی جاے تو آگے "عدل" اور پیچھے "تکبر" کا خانہ ملے گا اور اگر اِس حد سے اور ایک حصہ بلند دیکھا جاے تو آگے "استقلال"




اور پیچھے خودداری کا خانہ ملے گا۔ اِسلیے "استقلال" اور "عدل" کے خانے آگے کی جانب ہٹے ہونے سے دونون کی تصویر کا رخ بدلنا پڑا کیونکہ گذشتہ قوتون کے خانے کنپٹی سے پیچھے کی طرف ہٹے ہونے سے گدّی کی جانب سے دکھلائی گئی تھی اور یہ دونون قوتین چہرے کو سامنے لانے سے مگر ذرا ترچھا رخ کر دینے سے نظر آجائینگی۔ دونون تصویرون کا اُبھار ایک ہی جگہہ ہے مگر دیکھنے والے کو اُنکی بلندی و پستی پر نہایت غور سے امتیاز کر لینے کے بعد راے زنی کرنی چاہیے۔

اِس قوت کا یہ کام ہے کہ انسان کسی شغل مین لگاتار متوجہ رہے مگر کس شغل مین رہے؟ یہ نہین بتایا جا سکتا۔ یہ اُسی انسان کے دماغ کی دوسری طاقتون کے مطالعہ سے معلوم ہو سکے گا۔ مثلاً ایک شخص کا خانہ "الحان"، قوی نظر آتا ہے اگر اُسکا خانہ استقلال بھی قوی ہے تو وہ موسیقی کے شوق مین ہمہ تن متوجہ رہے گا یا ایک شخص کا خانہ "مصوّرہ" بڑا اور اُسکے ساتھ خانہ استقلال بھی قوی ہے تو وہ شاعری یا مصوّری مین تمام عمر مشغول رہیگا۔ پس یہ خانہ اِس بات کا فیصلہ نہین کر سکتا کہ اِسکے بڑے ہونے سے انسان نیک کام مین متوجہ رہیگا یا کسی بُرے کام مین۔

(۱۷) عدل

منصف مزاجی

یہ خانہ "استقلال"، کے خانے سے ذرا نیچے کی جانب واقع ہے اور اِسکا کام ہر بات کو اعتدال کے ساتھ سمجھنا اور دنیا کے معاملات کو انصاف کی نظر سے دیکھنا ہے جن لوگون مین اِس قوت کا زور نہین ہوتا اُنکو دوسرون کے معاملات سے کچھ سروکار نہین ہوتا مگر جس شخص مین یہ قوت زوردار ہوتی ہو اگر اُسکے سامنے ایک شخص دوسرے شخص پر کسیطرح کی زیادتی کر جاے تو اگرچہ اُسے اِس معاملے سے کوئی ذاتی تعلق نہو تو بھی جبتک وہ اُس شخص سے پہلے شخص سے اپنا انتقام حاصل نکر لے اُسکی طبیعت کو چین نہ ملیگی۔ یہ شخص اگر سرکاری عہدہ حاصل کرے تو یہ بہ نسبت کلکٹری کے ججی کو خوب انجام دیگا۔ غرضکہ جسقدر انسانیت کی خصلتین ہین اُنکو بہ نسبت جانورونکے انسان ہی سے زیادہ تعلق ہے۔



باقی آئندہ

یورپ کے کتبخانے

نام ملک	کتبخانون کی تعداد	کتابون کی تعداد	نقشے اور کتبے وغیرہ	فیصدی باشندگان کیلیے
آسٹریا	۹۷۷	۵۴ لاکھ ۷۵ ہزار	ایک لاکھ ۵۰ ہزار	۲۶
فرانس	۵۰۰	۴۵ لاکھ ۹۸ ہزار	ایک لاکھ ۳۵ ہزار	۱۲
اٹلی	۴۹۳	۴۳ لاکھ ۴۹ ہزار	۳ لاکھ ۳۰ ہزار	۱۶
جرمنی	۳۰۸	۲۶ لاکھ ۴۰ ہزار	" " ۵۸ ہزار	۱۱
گریٹ برٹن	۲۰۰	۲۸ لاکھ ۷۱ ہزار	" " ۲۶ ہزار	"
روس	۱۴۵	۹ لاکھ ۵۲ ہزار	" " ۲۴ ہزار	"

یہ بھی قابل یاد رکھنے کے ہے کہ بویریا مین جو جرمنی کا ایک چھوٹا سا صوبہ ہے ۱۶۹ کتب خانے ہین۔ جن مین ۱۳ لاکھ ۶۸ ہزار کتابین موجود ہین

یورپ مین سب سے بڑا کتبخانہ پیرس مین ہے۔ جس مین قریباً ۱۵ لاکھ کتابین موجود ہین ۱۲

دنیا کی بڑی بڑی سلطنتون کا نقشہ

نمبر	نام سلطنت	آبادی	رقبہ مربع میل	آبادی فی میل	نام دارالخلافہ	جاے وقوع	آبادی دارالخلافہ
۱	سلطنت چین +	۳۸ کرور	۴۰ کرور	۹۵	پیکن	متصل دریاے پیہامئو	۵ لاکھ
۲	سلطنت برٹش	۳۰ کرور	۸۹ لاکھ ۸۰ ہزار	۳۳	لندن	برلب دریاے ٹیمز	۳۸ لاکھ
۳	سلطنت روس +	۱۰ کرور	۸۵ لاکھ	۱۱	سینٹ پٹرسبرگ	برلب دریاے نیوا	۶ لاکھ
۴	ریاستہای متحدہ (امریکہ)	۵ کرور	۳۶ لاکھ	۱۴	نیویارک	برلب دریاے ہڈسن	۲۱ لاکھ
۵	سلطنت فرانس	۴ کرور ۹۰ لاکھ	۲ لاکھ ۵۰ ہزار	۸۴	پیرس	برلب دریاے سپری	۲۲ لاکھ ۳۹ ہزار
۶	سلطنت جرمن	۴ کرور ۵۰ لاکھ	۲ لاکھ ۱۰ ہزار	۲۱۶	برلن	برلب دریاے سین	۱۱ لاکھ
۷	سلطنت ترک	۴ کرور	۲۰ لاکھ	۲۰	قسطنطنیہ	برلب آبناے قسطنطنیہ	۷ لاکھ
۸	سلطنت آسٹریا	۳ کرور ۸۰ لاکھ	۲۴ لاکھ	۱۵۷	وائنا	برلب دریاے ڈینوب	۱۰ لاکھ
۹	سلطنت جاپان +	۳ کرور ۶۰ لاکھ	ایک لاکھ ۵۰ ہزار	۲۴۰	ٹوکیو	جزیرہ ہنشن مین	۱۰ لاکھ
۱۰	سلطنت ہالینڈ (یورپ)	۲ کرور ۸۰ لاکھ	۶ لاکھ ۸۷ ہزار	۴۱	امسٹرڈم	برلب دریاے امسٹل	۳ لاکھ ۵۰ ہزار
۱۱	سلطنت اٹلی (یورپ)	۲ کرور ۸۰ لاکھ	ایک لاکھ ۱۴ ہزار	۲۴۹	روم	برلب دریاے ٹائبر	۲ لاکھ ۷۲ ہزار
۱۲	سلطنت اسپین (یورپ)	۲ کرور ۳۰ لاکھ	۳۲ لاکھ	۷۲	میڈرڈ	برلب دریاے منزنریس	۳ لاکھ ۶۷ ہزار
۱۳	سلطنت اننام + (ایشیا)	۲ کرور ۱۰ لاکھ	ایک لاکھ ۱ ہزار	۱۲۴	ہیو	برلب دریاے ہیو	ایک لاکھ
۱۴	سلطنت برازیل (امریکہ)	ایک کرور	۳۲ لاکھ ۷۵ ہزار	۳	ریو ڈی جنیرو	برلب دریاے جنیرو	۲ لاکھ ۷۵ ہزار
۱۵	سلطنت میکسیکو (امریکہ)	۹۰ کرور	۷ لاکھ ۵۰ ہزار	۱۲	میکسیکو	مرکز ملک مین	۲ لاکھ
۱۶	سلطنت پرتگال (یورپ)	۸۰ لاکھ	۷ لاکھ ۵۰ ہزار	۱۱	لزبن	برلب دریاے ٹیگس	۲ لاکھ ۴۵ ہزار
۱۷	سلطنت فارس +	۷۰ لاکھ	۶ لاکھ ۴۰ ہزار	۱۱	طہران	شمال مین	۸۵ ہزار
۱۸	سلطنت سویڈن ناروے (یورپ)	۶۰ لاکھ	۲ لاکھ ۹۰ ہزار	۲۱	سٹاک ہام	جھیل باٹیلر پر	ایک لاکھ ۷۶ ہزار
۱۹	سلطنت سیام (ایشیا)	۶۰ لاکھ	۲ لاکھ ۵۰ ہزار	۲۴	بنگ کاک	برلب دریاے مینم	۲ لاکھ ۵۵ ہزار
۲۰	سلطنت بلجیم (یورپ)	۵۵ لاکھ	۱۱ ہزار ۴ سو	۴۸۱	برسلز	برلب دریاے سین	۳ لاکھ ۹۰ ہزار

+ جس پر یہ نشان ہے اُن کی آبادی وغیرہ قیاسی ہے ۱۲

جدول سنہ ہجری اور سنہ عیسوی کی مطابقت مین

اس جدول مین سنہ ہجری سے ۱۳۲۰ھ تک سالانہ درج ہے جسکی مطابقت ۶۲۲ء عیسوی سے ۱۹۰۲ء تک کی گئی ہے اور اسطرح سے ۱۳۲۰ برس کا زمانہ دونون سنون کے ساتھ برابر برابر دکھلایا گیا ہے۔

کتب تاریخ کے مطالعہ کرنیوالون کو بسا اوقات ایک سنہ سے دوسرے سنہ کے مطابق کرنے کی دقت پیش آجایا کرتی ہے اور حساب لگاکر نکالنے مین تضیع اوقات ہوتی ہے اس لیے یہ جدول امسال کی جنتری مین درج کردی گئی تاکہ صرف ورق اُلٹ کر دیکھ لینے سے فوراً مطلب حاصل ہوجاے۔

سنہ ہجری جناب رسالتمآب صلعم کے سال ہجرت سے مانا جاتا ہے اور وقت شروع سے آجتک ایک قاعدہ سے جاری ہے اسکا شمار قمری مہینون کے ساتھ ہے جسمین نہ گھٹاو ہے نہ بڑھاؤ ہے۔ مگر سنہ عیسوی نے (جسکو حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے مناسبت ہے) زمانہ کی طرح بہت سے رنگ پلٹے ہین۔ پیشتر وہ قمری حساب سے تھا پھر شمسی ہوگیا۔ سابق مین دن کے گھٹنے کی تاریخ ۲۴ جون اور دن کے بڑھنے کی تاریخ ۲۵ دسمبر تھی مگر بعد مین ہٹ کر ۲۴ سے ۲۱ جون ہوگئی اور ۲۵ سے ۲۲ دسمبر ہوگئی جو آجتک جاری ہے کسی وقت جولائی ۳۱ دن کا اور اگست ۳۰ دن کا ہوتا تھا مگر آگے چل کر دونون ۳۱ دن کے ہوگئے۔ فروری کبھی ۳۱ دن کا کبھی ۳۰ دن کا کبھی ۲۹ دن کا اور کبھی ۲۸ دن کا ہوا کیا اور اسی قسم کے بہت سے تغیرات واقع ہوتے ہین۔

آج جو سنہ عیسوی عموماً رائج ہے وہ قیصر جولیس کا ترتیب دیا ہوا ہے لیکن جس مقدار سے مہینون کے دن قائم ہین (باستثناے فروری) شہنشاہ آگسٹس کے وقت سے ہین۔ ۱۵۸۲ء سے پوپ گری گوری نے ماہ فروری کا حساب نئی شکل سے ترتیب دیا یعنی ۳ سال تک ۲۸ دن کا اور چوتھے سال ۲۹ دن کا، پوری صدی کے لیے اور قاعدہ اور پورے ہزار کے لیے اور قاعدہ مقرر کیا اور یہی حساب اسوقت جاری ہے گذشتہ سنین بھی اسی قاعدہ سے ملائے جاتے ہین عام اس سے کہ انکے دن اُسوقت کے حساب سے ٹھیک ہوتے ہون یا نہون۔

سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی
۱	۶۲۲	۱۱	۶۳۲	۲۱	۶۴۱	۳۱	۶۵۱	۴۱	۶۶۱	۵۱	۶۷۱
۲	۶۲۳	۱۲	۶۳۳	۲۲	۶۴۲	۳۲	۶۵۲	۴۲	۶۶۲	۵۲	۶۷۲
۳	۶۲۴	۱۳	۶۳۴	۲۳	۶۴۳	۳۳	۶۵۳	۴۳	۶۶۳	۵۳	۶۷۲
۴	۶۲۵	۱۴	۶۳۵	۲۴	۶۴۴	۳۴	۶۵۴	۴۴	۶۶۴	۵۴	۶۷۳
۵	۶۲۶	۱۵	۶۳۶	۲۵	۶۴۵	۳۵	۶۵۵	۴۵	۶۶۵	۵۵	۶۷۴
۶	۶۲۷	۱۶	۶۳۷	۲۶	۶۴۶	۳۶	۶۵۶	۴۶	۶۶۶	۵۶	۶۷۵
۷	۶۲۸	۱۷	۶۳۸	۲۷	۶۴۷	۳۷	۶۵۷	۴۷	۶۶۷	۵۷	۶۷۶
۸	۶۲۹	۱۸	۶۳۹	۲۸	۶۴۸	۳۸	۶۵۸	۴۸	۶۶۸	۵۸	۶۷۷
۹	۶۳۰	۱۹	۶۳۹	۲۹	۶۴۹	۳۹	۶۵۹	۴۹	۶۶۹	۵۹	۶۷۸
۱۰	۶۳۱	۲۰	۶۴۰	۳۰	۶۵۰	۴۰	۶۶۰	۵۰	۶۷۰	۶۰	۶۷۹

سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی
۶۱	۶۸۰	۹۶	۷۱۴	۱۳۱	۷۴۸	۱۶۶	۷۸۲	۲۰۱	۸۱۶	۲۳۶	۸۵۰
۶۲	۶۸۱	۹۷	۷۱۵	۱۳۲	۷۴۹	۱۶۷	۷۸۳	۲۰۲	۸۱۷	۲۳۷	۸۵۱
۶۳	۶۸۲	۹۸	۷۱۶	۱۳۳	۷۵۰	۱۶۸	۷۸۴	۲۰۳	۸۱۸	۲۳۸	۸۵۲
۶۴	۶۸۳	۹۹	۷۱۷	۱۳۴	۷۵۱	۱۶۹	۷۸۵	۲۰۴	۸۱۹	۲۳۹	۸۵۳
۶۵	۶۸۴	۱۰۰	۷۱۸	۱۳۵	۷۵۲	۱۷۰	۷۸۶	۲۰۵	۸۲۰	۲۴۰	۸۵۴
۶۶	۶۸۵	۱۰۱	۷۱۹	۱۳۶	۷۵۳	۱۷۱	۷۸۷	۲۰۶	۸۲۱	۲۴۱	۸۵۵
۶۷	۶۸۶	۱۰۲	۷۲۰	۱۳۷	۷۵۴	۱۷۲	۷۸۸	۲۰۷	۸۲۲	۲۴۲	۸۵۶
۶۸	۶۸۷	۱۰۳	۷۲۱	۱۳۸	۷۵۵	۱۷۳	۷۸۹	۲۰۸	۸۲۳	۲۴۳	۸۵۷
۶۹	۶۸۸	۱۰۴	۷۲۲	۱۳۹	۷۵۶	۱۷۴	۷۹۰	۲۰۹	۸۲۴	۲۴۴	۸۵۸
۷۰	۶۸۹	۱۰۵	۷۲۳	۱۴۰	۷۵۷	۱۷۵	۷۹۱	۲۱۰	۸۲۵	۲۴۵	۸۵۹
۷۱	۶۹۰	۱۰۶	۷۲۴	۱۴۱	۷۵۸	۱۷۶	۷۹۲	۲۱۱	۸۲۶	۲۴۶	۸۶۰
۷۲	۶۹۱	۱۰۷	۷۲۵	۱۴۲	۷۵۹	۱۷۷	۷۹۳	۲۱۲	۸۲۷	۲۴۷	۸۶۱
۷۳	۶۹۲	۱۰۸	۷۲۶	۱۴۳	۷۶۰	۱۷۸	۷۹۴	۲۱۳	۸۲۸	۲۴۸	۸۶۲
۷۴	۶۹۳	۱۰۹	۷۲۷	۱۴۴	۷۶۱	۱۷۹	۷۹۵	۲۱۴	۸۲۹	۲۴۹	۸۶۳
۷۵	۶۹۴	۱۱۰	۷۲۸	۱۴۵	۷۶۲	۱۸۰	۷۹۶	۲۱۵	۸۳۰	۲۵۰	۸۶۴
۷۶	۶۹۵	۱۱۱	۷۲۹	۱۴۶	۷۶۳	۱۸۱	۷۹۷	۲۱۶	۸۳۱	۲۵۱	۸۶۵
۷۷	۶۹۶	۱۱۲	۷۳۰	۱۴۷	۷۶۴	۱۸۲	۷۹۸	۲۱۷	۸۳۲	۲۵۲	۸۶۶
۷۸	۶۹۷	۱۱۳	۷۳۱	۱۴۸	۷۶۵	۱۸۳	۷۹۹	۲۱۸	۸۳۳	۲۵۳	۸۶۷
۷۹	۶۹۸	۱۱۴	۷۳۲	۱۴۹	۷۶۶	۱۸۴	۸۰۰	۲۱۹	۸۳۴	۲۵۴	۸۶۷
۸۰	۶۹۹	۱۱۵	۷۳۳	۱۵۰	۷۶۷	۱۸۵	۸۰۱	۲۲۰	۸۳۵	۲۵۵	۸۶۸
۸۱	۷۰۰	۱۱۶	۷۳۴	۱۵۱	۷۶۸	۱۸۶	۸۰۲	۲۲۱	۸۳۵	۲۵۶	۸۶۹
۸۲	۷۰۱	۱۱۷	۷۳۵	۱۵۲	۷۶۹	۱۸۷	۸۰۲	۲۲۲	۸۳۶	۲۵۷	۸۷۰
۸۳	۷۰۲	۱۱۸	۷۳۶	۱۵۳	۷۷۰	۱۸۸	۸۰۳	۲۲۳	۸۳۷	۲۵۸	۸۷۱
۸۴	۷۰۳	۱۱۹	۷۳۷	۱۵۴	۷۷۰	۱۸۹	۸۰۴	۲۲۴	۸۳۸	۲۵۹	۸۷۲
۸۵	۷۰۴	۱۲۰	۷۳۷	۱۵۵	۷۷۱	۱۹۰	۸۰۵	۲۲۵	۸۳۹	۲۶۰	۸۷۳
۸۶	۷۰۵	۱۲۱	۷۳۸	۱۵۶	۷۷۲	۱۹۱	۸۰۶	۲۲۶	۸۴۰	۲۶۱	۸۷۴
۸۷	۷۰۵	۱۲۲	۷۳۹	۱۵۷	۷۷۳	۱۹۲	۸۰۷	۲۲۷	۸۴۱	۲۶۲	۸۷۵
۸۸	۷۰۶	۱۲۳	۷۴۰	۱۵۸	۷۷۴	۱۹۳	۸۰۸	۲۲۸	۸۴۲	۲۶۳	۸۷۶
۸۹	۷۰۷	۱۲۴	۷۴۱	۱۵۹	۷۷۵	۱۹۴	۸۰۹	۲۲۹	۸۴۳	۲۶۴	۸۷۷
۹۰	۷۰۸	۱۲۵	۷۴۲	۱۶۰	۷۷۶	۱۹۵	۸۱۰	۲۳۰	۸۴۴	۲۶۵	۸۷۸
۹۱	۷۰۹	۱۲۶	۷۴۳	۱۶۱	۷۷۷	۱۹۶	۸۱۱	۲۳۱	۸۴۵	۲۶۶	۸۷۹
۹۲	۷۱۰	۱۲۷	۷۴۴	۱۶۲	۷۷۸	۱۹۷	۸۱۲	۲۳۲	۸۴۶	۲۶۷	۸۸۰
۹۳	۷۱۱	۱۲۸	۷۴۵	۱۶۳	۷۷۹	۱۹۸	۸۱۳	۲۳۳	۸۴۷	۲۶۸	۸۸۱
۹۴	۷۱۲	۱۲۹	۷۴۶	۱۶۴	۷۸۰	۱۹۹	۸۱۴	۲۳۴	۸۴۸	۲۶۹	۸۸۲
۹۵	۷۱۳	۱۳۰	۷۴۷	۱۶۵	۷۸۱	۲۰۰	۸۱۵	۲۳۵	۸۴۹	۲۷۰	۸۸۳

سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری
۱۰۵۴	۴۴۶	۱۰۲۰	۴۱۱	۹۸۶	۳۷۶	۹۵۲	۳۴۱	۹۱۸	۳۰۶	۸۸۴	۲۷۱
۱۰۵۵	۴۴۷	۱۰۲۱	۴۱۲	۹۸۷	۳۷۷	۹۵۳	۳۴۲	۹۱۹	۳۰۷	۸۸۵	۲۷۲
۱۰۵۶	۴۴۸	۱۰۲۲	۴۱۳	۹۸۸	۳۷۸	۹۵۴	۳۴۳	۹۲۰	۳۰۸	۸۸۶	۲۷۳
۱۰۵۷	۴۴۹	۱۰۲۳	۴۱۴	۹۸۹	۳۷۹	۹۵۵	۳۴۴	۹۲۱	۳۰۹	۸۸۷	۲۷۴
۱۰۵۸	۴۵۰	۱۰۲۴	۴۱۵	۹۹۰	۳۸۰	۹۵۶	۳۴۵	۹۲۲	۳۱۰	۸۸۸	۲۷۵
۱۰۵۹	۴۵۱	۱۰۲۵	۴۱۶	۹۹۱	۳۸۱	۹۵۷	۳۴۶	۹۲۳	۳۱۱	۸۸۹	۲۷۶
۱۰۶۰	۴۵۲	۱۰۲۶	۴۱۷	۹۹۲	۳۸۲	۹۵۸	۳۴۷	۹۲۴	۳۱۲	۸۹۰	۲۷۷
۱۰۶۱	۴۵۳	۱۰۲۷	۴۱۸	۹۹۳	۳۸۳	۹۵۹	۳۴۸	۹۲۵	۳۱۳	۸۹۱	۲۷۸
۱۰۶۲	۴۵۴	۱۰۲۸	۴۱۹	۹۹۴	۳۸۴	۹۶۰	۳۴۹	۹۲۶	۳۱۴	۸۹۲	۲۷۹
۱۰۶۳	۴۵۵	۱۰۲۹	۴۲۰	۹۹۵	۳۸۵	۹۶۱	۳۵۰	۹۲۷	۳۱۵	۸۹۳	۲۸۰
۱۰۶۳	۴۵۶	۱۰۳۰	۴۲۱	۹۹۶	۳۸۶	۹۶۲	۳۵۱	۹۲۸	۳۱۶	۸۹۴	۲۸۱
۱۰۶۴	۴۵۷	۱۰۳۰	۴۲۲	۹۹۷	۳۸۷	۹۶۳	۳۵۲	۹۲۹	۳۱۷	۸۹۵	۲۸۲
۱۰۶۵	۴۵۸	۱۰۳۱	۴۲۳	۹۹۸	۳۸۸	۹۶۴	۳۵۳	۹۳۰	۳۱۸	۸۹۶	۲۸۳
۱۰۶۶	۴۵۹	۱۰۳۲	۴۲۴	۹۹۸	۳۸۹	۹۶۵	۳۵۴	۹۳۱	۳۱۹	۸۹۷	۲۸۴
۱۰۶۷	۴۶۰	۱۰۳۳	۴۲۵	۹۹۹	۳۹۰	۹۶۵	۳۵۵	۹۳۲	۳۲۰	۸۹۸	۲۸۵
۱۰۶۸	۴۶۱	۱۰۳۴	۴۲۶	۱۰۰۰	۳۹۱	۹۶۶	۳۵۶	۹۳۲	۳۲۱	۸۹۹	۲۸۶
۱۰۶۹	۴۶۲	۱۰۳۵	۴۲۷	۱۰۰۱	۳۹۲	۹۶۷	۳۵۷	۹۳۳	۳۲۲	۹۰۰	۲۸۷
۱۰۷۰	۴۶۳	۱۰۳۶	۴۲۸	۱۰۰۲	۳۹۳	۹۶۸	۳۵۸	۹۳۴	۳۲۳	۹۰۰	۲۸۸
۱۰۷۱	۴۶۴	۱۰۳۷	۴۲۹	۱۰۰۳	۳۹۴	۹۶۹	۳۵۹	۹۳۵	۳۲۴	۹۰۱	۲۸۹
۱۰۷۲	۴۶۵	۱۰۳۸	۴۳۰	۱۰۰۴	۳۹۵	۹۷۰	۳۶۰	۹۳۶	۳۲۵	۹۰۲	۲۹۰
۱۰۷۳	۴۶۶	۱۰۳۹	۴۳۱	۱۰۰۵	۳۹۶	۹۷۱	۳۶۱	۹۳۷	۳۲۶	۹۰۳	۲۹۱
۱۰۷۴	۴۶۷	۱۰۴۰	۴۳۲	۱۰۰۶	۳۹۷	۹۷۲	۳۶۲	۹۳۸	۳۲۷	۹۰۴	۲۹۲
۱۰۷۵	۴۶۸	۱۰۴۱	۴۳۳	۱۰۰۷	۳۹۸	۹۷۳	۳۶۳	۹۳۹	۳۲۸	۹۰۵	۲۹۳
۱۰۷۶	۴۶۹	۱۰۴۲	۴۳۴	۱۰۰۸	۳۹۹	۹۷۴	۳۶۴	۹۴۰	۳۲۹	۹۰۶	۲۹۴
۱۰۷۷	۴۷۰	۱۰۴۳	۴۳۵	۱۰۰۹	۴۰۰	۹۷۵	۳۶۵	۹۴۱	۳۳۰	۹۰۷	۲۹۵
۱۰۷۸	۴۷۱	۱۰۴۴	۴۳۶	۱۰۱۰	۴۰۱	۹۷۶	۳۶۶	۹۴۲	۳۳۱	۹۰۸	۲۹۶
۱۰۷۹	۴۷۲	۱۰۴۵	۴۳۷	۱۰۱۱	۴۰۲	۹۷۷	۳۶۷	۹۴۳	۳۳۲	۹۰۹	۲۹۷
۱۰۸۰	۴۷۳	۱۰۴۶	۴۳۸	۱۰۱۲	۴۰۳	۹۷۸	۳۶۸	۹۴۴	۳۳۳	۹۱۰	۲۹۸
۱۰۸۱	۴۷۴	۱۰۴۷	۴۳۹	۱۰۱۳	۴۰۴	۹۷۹	۳۶۹	۹۴۵	۳۳۴	۹۱۱	۲۹۹
۱۰۸۲	۴۷۵	۱۰۴۸	۴۴۰	۱۰۱۴	۴۰۵	۹۸۰	۳۷۰	۹۴۶	۳۳۵	۹۱۲	۳۰۰
۱۰۸۳	۴۷۶	۱۰۴۹	۴۴۱	۱۰۱۵	۴۰۶	۹۸۱	۳۷۱	۹۴۷	۳۳۶	۹۱۳	۳۰۱
۱۰۸۴	۴۷۷	۱۰۵۰	۴۴۲	۱۰۱۶	۴۰۷	۹۸۲	۳۷۲	۹۴۸	۳۳۷	۹۱۴	۳۰۲
۱۰۸۵	۴۷۸	۱۰۵۱	۴۴۳	۱۰۱۷	۴۰۸	۹۸۳	۳۷۳	۹۴۹	۳۳۸	۹۱۵	۳۰۳
۱۰۸۶	۴۷۹	۱۰۵۲	۴۴۴	۱۰۱۸	۴۰۹	۹۸۴	۳۷۴	۹۵۰	۳۳۹	۹۱۶	۳۰۴
۱۰۸۷	۴۸۰	۱۰۵۳	۴۴۵	۱۰۱۹	۴۱۰	۹۸۵	۳۷۵	۹۵۱	۳۴۰	۹۱۷	۳۰۵

سنه هجریه	سنه عیسویه	سنه هجریه	سنه عیسویه	سنه هجریه	سنه عیسویه	سنه هجریه	سنه عیسویه	سنه هجریه	سنه عیسویه	سنه هجریه	سنه عیسویه
٤٨١	١٠٨٨	٥١٦	١١٢٢	٥٥١	١١٥٦	٥٨٦	١١٩٠	٦٢١	١٢٢٤	٦٥٦	١٢٥٨
٤٨٢	١٠٨٩	٥١٧	١١٢٣	٥٥٢	١١٥٧	٥٨٧	١١٩١	٦٢٢	١٢٢٥	٦٥٧	١٢٥٨
٤٨٣	١٠٩٠	٥١٨	١١٢٤	٥٥٣	١١٥٨	٥٨٨	١١٩٢	٦٢٣	١٢٢٦	٦٥٨	١٢٥٩
٤٨٤	١٠٩١	٥١٩	١١٢٥	٥٥٤	١١٥٩	٥٨٩	١١٩٣	٦٢٤	١٢٢٦	٦٥٩	١٢٦٠
٤٨٥	١٠٩٢	٥٢٠	١١٢٦	٥٥٥	١١٦٠	٥٩٠	١١٩٣	٦٢٥	١٢٢٧	٦٦٠	١٢٦١
٤٨٦	١٠٩٣	٥٢١	١١٢٧	٥٥٦	١١٦٠	٥٩١	١١٩٤	٦٢٦	١٢٢٨	٦٦١	١٢٦٢
٤٨٧	١٠٩٤	٥٢٢	١١٢٨	٥٥٧	١١٦١	٥٩٢	١١٩٥	٦٢٧	١٢٢٩	٦٦٢	١٢٦٣
٤٨٨	١٠٩٥	٥٢٣	١١٢٨	٥٥٨	١١٦٢	٥٩٣	١١٩٦	٦٢٨	١٢٣٠	٦٦٣	١٢٦٤
٤٨٩	١٠٩٥	٥٢٤	١١٢٩	٥٥٩	١١٦٣	٥٩٤	١١٩٧	٦٢٩	١٢٣١	٦٦٤	١٢٦٥
٤٩٠	١٠٩٦	٥٢٥	١١٣٠	٥٦٠	١١٦٤	٥٩٥	١١٩٨	٦٣٠	١٢٣٢	٦٦٥	١٢٦٦
٤٩١	١٠٩٧	٥٢٦	١١٣١	٥٦١	١١٦٥	٥٩٦	١١٩٩	٦٣١	١٢٣٣	٦٦٦	١٢٦٧
٤٩٢	١٠٩٨	٥٢٧	١١٣٢	٥٦٢	١١٦٦	٥٩٧	١٢٠٠	٦٣٢	١٢٣٤	٦٦٧	١٢٦٨
٤٩٣	١٠٩٩	٥٢٨	١١٣٣	٥٦٣	١١٦٧	٥٩٨	١٢٠١	٦٣٣	١٢٣٥	٦٦٨	١٢٦٩
٤٩٤	١١٠٠	٥٢٩	١١٣٤	٥٦٤	١١٦٨	٥٩٩	١٢٠٢	٦٣٤	١٢٣٦	٦٦٩	١٢٧٠
٤٩٥	١١٠١	٥٣٠	١١٣٥	٥٦٥	١١٦٩	٦٠٠	١٢٠٣	٦٣٥	١٢٣٧	٦٧٠	١٢٧١
٤٩٦	١١٠٢	٥٣١	١١٣٦	٥٦٦	١١٧٠	٦٠١	١٢٠٤	٦٣٦	١٢٣٨	٦٧١	١٢٧٢
٤٩٧	١١٠٣	٥٣٢	١١٣٧	٥٦٧	١١٧١	٦٠٢	١٢٠٥	٦٣٧	١٢٣٩	٦٧٢	١٢٧٣
٤٩٨	١١٠٤	٥٣٣	١١٣٨	٥٦٨	١١٧٢	٦٠٣	١٢٠٦	٦٣٨	١٢٤٠	٦٧٣	١٢٧٤
٤٩٩	١١٠٥	٥٣٤	١١٣٩	٥٦٩	١١٧٣	٦٠٤	١٢٠٧	٦٣٩	١٢٤١	٦٧٤	١٢٧٥
٥٠٠	١١٠٦	٥٣٥	١١٤٠	٥٧٠	١١٧٤	٦٠٥	١٢٠٨	٦٤٠	١٢٤٢	٦٧٥	١٢٧٦
٥٠١	١١٠٧	٥٣٦	١١٤١	٥٧١	١١٧٥	٦٠٦	١٢٠٩	٦٤١	١٢٤٣	٦٧٦	١٢٧٧
٥٠٢	١١٠٨	٥٣٧	١١٤٢	٥٧٢	١١٧٦	٦٠٧	١٢١٠	٦٤٢	١٢٤٤	٦٧٧	١٢٧٨
٥٠٣	١١٠٩	٥٣٨	١١٤٣	٥٧٣	١١٧٧	٦٠٨	١٢١١	٦٤٣	١٢٤٥	٦٧٨	١٢٧٩
٥٠٤	١١١٠	٥٣٩	١١٤٤	٥٧٤	١١٧٨	٦٠٩	١٢١٢	٦٤٤	١٢٤٦	٦٧٩	١٢٨٠
٥٠٥	١١١١	٥٤٠	١١٤٥	٥٧٥	١١٧٩	٦١٠	١٢١٣	٦٤٥	١٢٤٧	٦٨٠	١٢٨١
٥٠٦	١١١٢	٥٤١	١١٤٦	٥٧٦	١١٨٠	٦١١	١٢١٤	٦٤٦	١٢٤٨	٦٨١	١٢٨٢
٥٠٧	١١١٣	٥٤٢	١١٤٧	٥٧٧	١١٨١	٦١٢	١٢١٥	٦٤٧	١٢٤٩	٦٨٢	١٢٨٣
٥٠٨	١١١٤	٥٤٣	١١٤٨	٥٧٨	١١٨٢	٦١٣	١٢١٦	٦٤٨	١٢٥٠	٦٨٣	١٢٨٤
٥٠٩	١١١٥	٥٤٤	١١٤٩	٥٧٩	١١٨٣	٦١٤	١٢١٧	٦٤٩	١٢٥١	٦٨٤	١٢٨٥
٥١٠	١١١٦	٥٤٥	١١٥٠	٥٨٠	١١٨٤	٦١٥	١٢١٨	٦٥٠	١٢٥٢	٦٨٥	١٢٨٦
٥١١	١١١٧	٥٤٦	١١٥١	٥٨١	١١٨٥	٦١٦	١٢١٩	٦٥١	١٢٥٣	٦٨٦	١٢٨٧
٥١٢	١١١٨	٥٤٧	١١٥٢	٥٨٢	١١٨٦	٦١٧	١٢٢٠	٦٥٢	١٢٥٤	٦٨٧	١٢٨٨
٥١٣	١١١٩	٥٤٨	١١٥٣	٥٨٣	١١٨٧	٦١٨	١٢٢١	٦٥٣	١٢٥٥	٦٨٨	١٢٨٩
٥١٤	١١٢٠	٥٤٩	١١٥٤	٥٨٤	١١٨٨	٦١٩	١٢٢٢	٦٥٤	١٢٥٦	٦٨٩	١٢٩٠
٥١٥	١١٢١	٥٥٠	١١٥٥	٥٨٥	١١٨٩	٦٢٠	١٢٢٣	٦٥٥	١٢٥٧	٦٩٠	١٢٩١

سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	سنہ ہجری	سنہ عیسوی
۶۹۱	۱۲۹۱	۷۲۶	۱۳۲۵	۷۶۱	۱۳۵۹	۷۹۶	۱۳۹۳	۸۳۱	۱۴۲۷	۸۶۶	۱۴۶۱
۶۹۲	۱۲۹۲	۷۲۷	۱۳۲۶	۷۶۲	۱۳۶۰	۷۹۷	۱۳۹۴	۸۳۲	۱۴۲۸	۸۶۷	۱۴۶۲
۶۹۳	۱۲۹۳	۷۲۸	۱۳۲۷	۷۶۳	۱۳۶۱	۷۹۸	۱۳۹۵	۸۳۳	۱۴۲۹	۸۶۸	۱۴۶۳
۶۹۴	۱۲۹۴	۷۲۹	۱۳۲۸	۷۶۴	۱۳۶۲	۷۹۹	۱۳۹۶	۸۳۴	۱۴۳۰	۸۶۹	۱۴۶۴
۶۹۵	۱۲۹۵	۷۳۰	۱۳۲۹	۷۶۵	۱۳۶۳	۸۰۰	۱۳۹۷	۸۳۵	۱۴۳۱	۸۷۰	۱۴۶۵
۶۹۶	۱۲۹۶	۷۳۱	۱۳۳۰	۷۶۶	۱۳۶۴	۸۰۱	۱۳۹۸	۸۳۶	۱۴۳۲	۸۷۱	۱۴۶۶
۶۹۷	۱۲۹۷	۷۳۲	۱۳۳۱	۷۶۷	۱۳۶۵	۸۰۲	۱۳۹۹	۸۳۷	۱۴۳۳	۸۷۲	۱۴۶۷
۶۹۸	۱۲۹۸	۷۳۳	۱۳۳۲	۷۶۸	۱۳۶۶	۸۰۳	۱۴۰۰	۸۳۸	۱۴۳۴	۸۷۳	۱۴۶۸
۶۹۹	۱۲۹۹	۷۳۴	۱۳۳۳	۷۶۹	۱۳۶۷	۸۰۴	۱۴۰۱	۸۳۹	۱۴۳۵	۸۷۴	۱۴۶۹
۷۰۰	۱۳۰۰	۷۳۵	۱۳۳۴	۷۷۰	۱۳۶۸	۸۰۵	۱۴۰۲	۸۴۰	۱۴۳۶	۸۷۵	۱۴۷۰
۷۰۱	۱۳۰۱	۷۳۶	۱۳۳۵	۷۷۱	۱۳۶۹	۸۰۶	۱۴۰۳	۸۴۱	۱۴۳۷	۸۷۶	۱۴۷۱
۷۰۲	۱۳۰۲	۷۳۷	۱۳۳۶	۷۷۲	۱۳۷۰	۸۰۷	۱۴۰۴	۸۴۲	۱۴۳۸	۸۷۷	۱۴۷۲
۷۰۳	۱۳۰۳	۷۳۸	۱۳۳۷	۷۷۳	۱۳۷۱	۸۰۸	۱۴۰۵	۸۴۳	۱۴۳۹	۸۷۸	۱۴۷۳
۷۰۴	۱۳۰۴	۷۳۹	۱۳۳۸	۷۷۴	۱۳۷۲	۸۰۹	۱۴۰۶	۸۴۴	۱۴۴۰	۸۷۹	۱۴۷۴
۷۰۵	۱۳۰۵	۷۴۰	۱۳۳۹	۷۷۵	۱۳۷۳	۸۱۰	۱۴۰۷	۸۴۵	۱۴۴۱	۸۸۰	۱۴۷۵
۷۰۶	۱۳۰۶	۷۴۱	۱۳۴۰	۷۷۶	۱۳۷۴	۸۱۱	۱۴۰۸	۸۴۶	۱۴۴۲	۸۸۱	۱۴۷۶
۷۰۷	۱۳۰۷	۷۴۲	۱۳۴۱	۷۷۷	۱۳۷۵	۸۱۲	۱۴۰۹	۸۴۷	۱۴۴۳	۸۸۲	۱۴۷۷
۷۰۸	۱۳۰۸	۷۴۳	۱۳۴۲	۸۶۸	۱۳۷۶	۸۱۳	۱۴۱۰	۸۴۸	۱۴۴۴	۸۸۳	۱۴۷۸
۷۰۹	۱۳۰۹	۷۴۴	۱۳۴۳	۷۷۹	۱۳۷۷	۸۱۴	۱۴۱۱	۸۴۹	۱۴۴۵	۸۸۴	۱۴۷۹
۷۱۰	۱۳۱۰	۷۴۵	۱۳۴۴	۷۸۰	۱۳۷۸	۸۱۵	۱۴۱۲	۸۵۰	۱۴۴۶	۸۸۵	۱۴۸۰
۷۱۱	۱۳۱۱	۷۴۶	۱۳۴۵	۷۸۱	۱۳۷۹	۸۱۶	۱۴۱۳	۸۵۱	۱۴۴۷	۸۸۶	۱۴۸۱
۷۱۲	۱۳۱۲	۷۴۷	۱۳۴۶	۷۸۲	۱۳۸۰	۸۱۷	۱۴۱۴	۸۵۲	۱۴۴۸	۸۸۷	۱۴۸۲
۷۱۳	۱۳۱۳	۷۴۸	۱۳۴۷	۷۸۳	۱۳۸۱	۸۱۸	۱۴۱۵	۸۵۳	۱۴۴۹	۸۸۸	۱۴۸۳
۷۱۴	۱۳۱۴	۷۴۹	۱۳۴۸	۷۸۴	۱۳۸۲	۸۱۹	۱۴۱۶	۸۵۴	۱۴۵۰	۸۸۹	۱۴۸۴
۷۱۵	۱۳۱۵	۷۵۰	۱۳۴۹	۷۸۵	۱۳۸۳	۸۲۰	۲۴۱۷	۸۵۵	۱۴۵۱	۸۹۰	۱۴۸۵
۷۱۶	۱۳۱۶	۷۵۱	۱۳۵۰	۷۸۶	۱۳۸۴	۸۲۱	۱۴۱۸	۸۵۶	۱۴۵۲	۸۹۱	۱۴۸۶
۷۱۷	۱۳۱۷	۷۵۲	۱۳۵۱	۷۸۷	۱۳۸۵	۸۲۲	۱۴۱۹	۸۵۷	۱۴۵۳	۸۹۲	۱۴۸۶
۷۱۸	۱۳۱۸	۷۵۳	۱۳۵۲	۷۸۸	۱۳۸۶	۸۲۳	۱۴۲۰	۸۵۸	۱۴۵۳	۸۹۳	۱۴۸۷
۷۱۹	۱۳۱۹	۷۵۴	۱۳۵۳	۷۸۹	۱۳۸۷	۸۲۴	۱۴۲۱	۸۵۹	۱۴۵۴	۸۹۴	۱۴۸۸
۷۲۰	۱۳۲۰	۷۵۵	۱۳۵۴	۷۹۰	۱۳۸۸	۸۲۵	۱۴۲۱	۸۶۰	۱۴۵۵	۸۹۵	۱۴۸۹
۷۲۱	۱۳۲۱	۷۵۶	۱۳۵۵	۷۹۱	۱۳۸۸	۸۲۶	۱۴۲۲	۸۶۱	۱۴۵۶	۸۹۶	۱۴۹۰
۷۲۲	۱۳۲۲	۷۵۷	۱۳۵۶	۷۹۲	۱۳۸۹	۸۲۷	۱۴۲۳	۸۶۲	۱۴۵۷	۸۹۷	۱۴۹۱
۷۲۳	۱۳۲۳	۷۵۸	۱۳۵۶	۷۹۳	۱۳۹۰	۸۲۸	۱۴۲۴	۸۶۳	۱۴۵۸	۸۹۸	۱۴۹۲
۷۲۴	۱۳۲۳	۷۵۹	۱۳۵۷	۷۹۴	۱۳۹۱	۸۲۹	۱۴۲۵	۸۶۴	۱۴۵۹	۸۹۹	۱۴۹۳
۷۲۵	۱۳۲۴	۷۶۰	۱۳۵۸	۷۹۵	۱۳۹۲	۸۳۰	۱۴۲۶	۸۶۵	۱۴۶۰	۹۰۰	۱۴۹۴

سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی	سنه هجری	سنه عیسوی
۹۰۱	۱۴۹۵	۹۳۶	۱۵۲۹	۹۷۱	۱۵۶۳	۱۰۰۶	۱۵۹۷	۱۰۴۱	۱۶۳۱	۱۰۷۶	۱۶۶۵
۹۰۲	۱۴۹۶	۹۳۷	۱۵۳۰	۹۷۲	۱۵۶۴	۱۰۰۷	۱۵۹۸	۱۰۴۲	۱۶۳۲	۱۰۷۷	۱۶۶۶
۹۰۳	۱۴۹۷	۹۳۸	۱۵۳۱	۹۷۳	۱۵۶۵	۱۰۰۸	۱۵۹۹	۱۰۴۳	۱۶۳۳	۱۰۷۸	۱۶۶۷
۹۰۴	۱۴۹۸	۹۳۹	۱۵۳۲	۹۷۴	۱۵۶۶	۱۰۰۹	۱۶۰۰	۱۰۴۴	۱۶۳۴	۱۰۷۹	۱۶۶۸
۹۰۵	۱۴۹۹	۹۴۰	۱۵۳۳	۹۷۵	۱۵۶۷	۱۰۱۰	۱۶۰۱	۱۰۴۵	۱۶۳۵	۱۰۸۰	۱۶۶۹
۹۰۶	۱۵۰۰	۹۴۱	۱۵۳۴	۹۷۶	۱۵۶۸	۱۰۱۱	۱۶۰۲	۱۰۴۶	۱۶۳۶	۱۰۸۱	۱۶۷۰
۹۰۷	۱۵۰۱	۹۴۲	۱۵۳۵	۹۷۷	۱۵۶۹	۱۰۱۲	۱۶۰۳	۱۰۴۷	۱۶۳۷	۱۰۸۲	۱۶۷۱
۹۰۸	۱۵۰۲	۹۴۳	۱۵۳۶	۹۷۸	۱۵۷۰	۱۰۱۳	۱۶۰۴	۱۰۴۸	۱۶۳۸	۱۰۸۳	۱۶۷۲
۹۰۹	۱۵۰۳	۹۴۴	۱۵۳۷	۹۷۹	۱۵۷۱	۱۰۱۴	۱۶۰۵	۱۰۴۹	۱۶۳۹	۱۰۸۴	۱۶۷۳
۹۱۰	۱۵۰۴	۹۴۵	۱۵۳۸	۹۸۰	۱۵۷۲	۱۰۱۵	۱۶۰۶	۱۰۵۰	۱۶۴۰	۱۰۸۵	۱۶۷۴
۹۱۱	۱۵۰۵	۹۴۶	۱۵۳۹	۹۸۱	۱۵۷۳	۱۰۱۶	۱۶۰۷	۱۰۵۱	۱۶۴۱	۱۰۸۶	۱۶۷۵
۹۱۲	۱۵۰۶	۹۴۷	۱۵۴۰	۹۸۲	۱۵۷۴	۱۰۱۷	۱۶۰۸	۱۰۵۲	۱۶۴۲	۱۰۸۷	۱۶۷۶
۹۱۳	۱۵۰۷	۹۴۸	۱۵۴۱	۹۸۳	۱۵۷۵	۱۰۱۸	۱۶۰۹	۱۰۵۳	۱۶۴۳	۱۰۸۸	۱۶۷۷
۹۱۴	۱۵۰۸	۹۴۹	۱۵۴۲	۹۸۴	۱۵۷۶	۱۰۱۹	۱۶۱۰	۱۰۵۴	۱۶۴۴	۱۰۸۹	۱۶۷۸
۹۱۵	۱۵۰۹	۹۵۰	۱۵۴۳	۹۸۵	۱۵۷۷	۱۰۲۰	۱۶۱۱	۱۰۵۵	۱۶۴۵	۱۰۹۰	۱۶۷۹
۹۱۶	۱۵۱۰	۹۵۱	۱۵۴۴	۹۸۶	۱۵۷۸	۱۰۲۱	۱۶۱۲	۱۰۵۶	۱۶۴۶	۱۰۹۱	۱۶۸۰
۹۱۷	۱۵۱۱	۹۵۲	۱۵۴۵	۹۸۷	۱۵۷۹	۱۰۲۲	۱۶۱۳	۱۰۵۷	۱۶۴۷	۱۰۹۲	۱۶۸۱
۹۱۸	۱۵۱۲	۹۵۳	۱۵۴۶	۹۸۸	۱۵۸۰	۱۰۲۳	۱۶۱۴	۱۰۵۸	۱۶۴۸	۱۰۹۳	۱۶۸۱
۹۱۹	۱۵۱۳	۹۵۴	۱۵۴۷	۹۸۹	۱۵۸۱	۱۰۲۴	۱۶۱۵	۱۰۵۹	۱۶۴۹	۱۰۹۴	۱۶۸۲
۹۲۰	۱۵۱۴	۹۵۵	۱۵۴۸	۹۹۰	۱۵۸۲	۱۰۲۵	۱۶۱۶	۱۰۶۰	۱۶۴۹	۱۰۹۵	۱۶۸۳
۹۲۱	۱۵۱۵	۹۵۶	۱۵۴۹	۹۹۱	۱۵۸۳	۱۰۲۶	۱۶۱۶	۱۰۶۱	۱۶۵۰	۱۰۹۶	۱۶۸۴
۹۲۲	۱۵۱۶	۹۵۷	۱۵۵۰	۹۹۲	۱۵۸۳	۱۰۲۷	۱۶۱۷	۱۰۶۲	۱۶۵۱	۱۰۹۷	۱۶۸۵
۹۲۳	۱۵۱۷	۹۵۸	۱۵۵۱	۹۹۳	۱۵۸۴	۱۰۲۸	۱۶۱۸	۱۰۶۳	۱۶۵۲	۱۰۹۸	۱۶۸۶
۹۲۴	۱۵۱۸	۹۵۹	۱۵۵۱	۹۹۴	۱۵۸۵	۱۰۲۹	۱۶۱۹	۱۰۶۴	۱۶۵۳	۱۰۹۹	۱۶۸۷
۹۲۵	۱۵۱۹	۹۶۰	۱۵۵۲	۹۹۵	۱۵۸۶	۱۰۳۰	۱۶۲۰	۱۰۶۵	۱۶۵۴	۱۱۰۰	۱۶۸۸
۹۲۶	۱۵۱۹	۹۶۱	۱۵۵۳	۹۹۶	۱۵۸۷	۱۰۳۱	۱۶۲۱	۱۰۶۶	۱۶۵۵	۱۱۰۱	۱۶۸۹
۹۲۷	۱۵۲۰	۹۶۲	۱۵۵۴	۹۹۷	۱۵۸۸	۱۰۳۲	۱۶۲۲	۱۰۶۷	۱۶۵۶	۱۱۰۲	۱۶۹۰
۹۲۸	۱۵۲۱	۹۶۳	۱۵۵۵	۹۹۸	۱۵۸۹	۱۰۳۳	۱۶۲۳	۱۰۶۸	۱۶۵۷	۱۱۰۳	۱۶۹۱
۹۲۹	۱۵۲۲	۹۶۴	۱۵۵۶	۹۹۹	۱۵۹۰	۱۰۳۴	۱۶۲۴	۱۰۶۹	۱۶۵۸	۱۱۰۴	۱۶۹۲
۹۳۰	۱۵۲۳	۹۶۵	۱۵۵۷	۱۰۰۰	۱۵۹۱	۱۰۳۵	۱۶۲۵	۱۰۷۰	۱۶۵۹	۱۱۰۵	۱۶۹۳
۹۳۱	۱۵۲۴	۹۶۶	۱۵۵۸	۱۰۰۱	۱۵۹۲	۱۰۳۶	۱۶۲۶	۱۰۷۱	۱۶۶۰	۱۱۰۶	۱۶۹۴
۹۳۲	۱۵۲۵	۹۶۷	۱۵۵۹	۱۰۰۲	۱۵۹۳	۱۰۳۷	۱۶۲۷	۱۰۷۲	۱۶۶۱	۱۱۰۷	۱۶۹۵
۹۳۳	۱۵۲۶	۹۶۸	۱۵۶۰	۱۰۰۳	۱۵۹۴	۱۰۳۸	۱۶۲۸	۱۰۷۳	۱۶۶۲	۱۱۰۸	۱۶۹۶
۹۳۴	۱۵۲۷	۹۶۹	۱۵۶۱	۱۰۰۴	۱۵۹۵	۱۰۳۹	۱۶۲۹	۱۰۷۴	۱۶۶۳	۱۱۰۹	۱۶۹۷
۹۳۵	۱۵۲۸	۹۷۰	۱۵۶۲	۱۰۰۵	۱۵۹۶	۱۰۴۰	۱۶۳۰	۱۰۷۵	۱۶۶۴	۱۱۱۰	۱۶۹۸

سنهٔ هجری	سنهٔ عیسوی	سنهٔ هجری	سنهٔ عیسوی	سنهٔ هجری	سنهٔ عیسوی	سنهٔ هجری	سنهٔ عیسوی	سنهٔ هجری	سنهٔ عیسوی	سنهٔ هجری	سنهٔ عیسوی
۱۱۱۱	۱۶۹۹	۱۱۴۶	۱۷۳۳	۱۱۸۱	۱۷۶۷	۱۲۱۶	۱۸۰۱	۱۲۵۱	۱۸۳۵	۱۲۸۶	۱۸۶۹
۱۱۱۲	۱۷۰۰	۱۱۴۷	۱۷۳۴	۱۱۸۲	۱۷۶۸	۱۲۱۷	۱۸۰۲	۱۲۵۲	۱۸۳۶	۱۲۸۷	۱۸۷۰
۱۱۱۳	۱۷۰۱	۱۱۴۸	۱۷۳۵	۱۱۸۳	۱۷۶۹	۱۲۱۸	۱۸۰۳	۱۲۵۳	۱۸۳۷	۱۲۸۸	۱۸۷۱
۱۱۱۴	۱۷۰۲	۱۱۴۹	۱۷۳۶	۱۱۸۴	۱۷۷۰	۱۲۱۹	۱۸۰۴	۱۲۵۴	۱۸۳۸	۱۲۸۹	۱۸۷۲
۱۱۱۵	۱۷۰۳	۱۱۵۰	۱۷۳۷	۱۱۸۵	۱۷۷۱	۱۲۲۰	۱۸۰۵	۱۲۵۵	۱۸۳۹	۱۲۹۰	۱۸۷۳
